آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 11 اکتوبر 2020ء بمطابق 23 صفر المظفر 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 276

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15
اہل تشیع: فجر صبح	05:00
اہل تشیع: ظہرین	01:00
اہل تشیع: مغربین	07:27

وزیر اعظم کا پیر سے مہنگائی کیخلاف پالیسی پر عملدرآمد کا ان علا

ملک میں اشیائے خورونوش کی واقعی میں قلت ہے یا پھر یہ مافیاز کی جانب سے ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کی وجہ سے ہے

آئندہ ہفتے سے ہم غذائی اجناس کی قیمتیں کم کرنے کے حوالے سے تمام ریاستی اختیارات بروئے کار لاتے ہوئے اپنی پالیسی نافذ کریں گے

جائزہ لے رہے ہیں کہ آیا ملک میں مہنگائی بین الاقوامی منڈی میں دالوں اور پام آئل کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے تو نہیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے اعلان کیا ہے کہ پیر سے حکومت اشیائے خورونوش کی قیمتیں نیچے لانے کیلئے تمام ریاستی وسائل بروئے کار لائے گی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ ہم پہلے ہی یہ جاننے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ملک میں ہونے والی مہنگائی کے عوامل کا جائزہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ آیا ملک میں اشیائے خورونوش کی واقعی میں قلت ہے یا پھر یہ مافیاز کی جانب سے ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس بات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں کہ آیا ملک میں مہنگائی بین الاقوامی منڈی میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

ملتان: وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں

آئین اور قانون کی رہنمائی میں منتخب حکومت کی مدد جاری رکھیں گے

آرمی چیف

مثبت تنقید کو "ہائبرڈ وار" سے نہ ملایا جائے، ایسی تنقید جس کا بہت شور اور چرچا ہے، شاید اعتماد، محبت اور حب الوطنی کا نتیجہ ہو لہٰذا ایسی تنقید پر توجہ دینی چاہیے، جہاں تعمیر اصلاح کی ضرورت ہو اس کا ضرور جائزہ لیں

یہ تنقید دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ بحیثیت قوم ہمیں حالات کا ادراک ہے اور ہم درست سمت جا رہے ہیں، ہم آئین اور قانون کی رہنمائی میں منتخب حکومت کی مدد جاری رکھیں گے، سپاہ گری مشکل راستہ ہے جس پر چلنا آسان نہیں

ہم نے امن کیلئے بھاری قیمت ادا کی ہے اور امن قائم رکھنے کیلئے لہو سے اسکی حفاظت یقینی بنائیں گے، ذات پات، مذہب اور لسانیت سے برتر ہم سب پاکستان کے سپاہی ہیں، اتحاد ہماری قوت اور انشاءاللہ ہم سب متحد ہیں، تقریب سے، خطاب

راولپنڈی: کاکول (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ مثبت تنقید کو "ہائبرڈ وار" سے نہ ملایا جائے، ایسی تنقید جس کا بہت شور اور چرچا ہے شاید اعتماد، محبت اور حب الوطنی کا نتیجہ ہو لہٰذا ایسی تنقید پر توجہ دینی چاہیے، جہاں تعمیر اصلاح کی ضرورت ہو اس کا ضرور جائزہ لیں، یہ تنقید دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ بحیثیت قوم ہمیں حالات کا ادراک ہے اور ہم درست سمت جا رہے ہیں، آئین پاکستان اور قومی مفادات تمام معاملات میں ہمارے رہنما ہیں، ہم آئین اور قانون کی رہنمائی میں منتخب حکومت کی مدد جاری رکھیں گے، سپاہ گری مشکل راستہ ہے جس پر چلنا آسان نہیں، آج ہمارے ادارے مضبوط ہو رہے ہیں اور مل کر پاکستان کی خدمت سر انجام دے رہے ہیں، وہ دشمن جو ہماری تباہی کا منصوبہ بنائے بیٹھے تھے،

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کراچی: سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کر رہے ہیں

جب تک پارلیمنٹ ربڑ اسٹیمپ ہے عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے، بلاول بھٹو زرداری

اگر قائد حزب اختلاف کو پارلیمان میں بولنے کی اجازت نہیں ہوگی تو ہمیں مجبوراً انکا ہر حکومتی اقدام کے خلاف جمہوری قوتیں ساتھ کھڑی ہیں

جب تک بلکہ ہر ایک ادارے کو ساتھ کھڑی ہے اس وقت تک "میرے کپتان" کو کوئی نہیں آنے دیں گے، جیئے بھٹو پیپلز پارٹی کا کراچی پارٹی کے عہدے

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جب تک ہماری پارلیمنٹ ربڑ اسٹیمپ رہے گی اس وقت تک ہم اپنے عوام کے مسائل حل نہیں کر سکیں گے۔ عمران خان پاکستان کی تاریخ کے نااہل ترین وزیر اعظم ہیں لیکن وہ دن دور نہیں جب ہم اس نالائق، نااہل اور سلیکٹڈ وزیر اعظم کو گھر بھیج دیں گے۔ پیپلز پارٹی نے آئین اور جمہوریت کی سربلندی کے لیے تحاریک چلائیں، حکومتی نظام کے خلاف آج بھی جمہوری قوتوں کے ساتھ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ علمدار روڈ، ہزارہ ٹاؤن دھماکوں میں مطلوب دہشتگرد گرفتار

کوئٹہ میں سی ٹی ڈی کی کاروائی علمدار روڈ، ہزارہ ٹاؤن سبزی منڈی دھماکوں میں مطلوب دہشتگرد گرفتار اسلحہ برآمد، ترجمان سی ٹی ڈی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سی ٹی ڈی کی کاروائی علمدار روڈ، ہزارہ ٹاؤن سبزی منڈی دھماکوں میں مطلوب دہشتگرد گرفتار اسلحہ برآمد، ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر سی ٹی ڈی نے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کاروائی کرتے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

عمران خان ملکی دولت لوٹنے والوں کے اعصاب پر سوار ہیں، سینیٹر شبلی فراز

قانون کی حکمرانی کے دعویدار بلاول صاحب اپنے انکل نواز شریف سے کہیں کہ واپس عدالت میں پیش ہو کر قانون کی حکمرانی کا عملی ثبوت دیں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ عمران خان ملکی دولت لوٹنے والوں کے اعصاب پر سوار ہیں، قانون کی حکمرانی کے دعویدار بلاول صاحب اپنے انکل نواز شریف سے کہیں کہ واپس عدالت میں پیش ہو کر قانون کی حکمرانی کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

تبلیغی جماعت سے تعلق رکھنے والے اندرون سندھ اور کراچی کے نوجوان بیلہ کے قریب لنگرہ ندی میں نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق

اوتھل (این این آئی) تبلیغی جماعت سے تعلق رکھنے والے اندرون سندھ اور کراچی کے نوجوان بیلہ کے قریب لنگرہ ندی میں نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سے تبلیغی جماعت کی ایک ٹیم بیلہ کے مضافاتی علاقے میں آئی ہوئی تھی۔ جس کے دو ممبران شہداد پور (سندھ) سے تعلق رکھنے والے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

آپ اپنی سوچ سے زیادہ ذہین بہادر اور مضبوط ہیں، جو ضروری ہے اسے کریں، صدر مملکت

ذہنی دباؤ اور ڈپریشن کا مقابلہ کریں اس کو چھپانے اور اس سے گھبرانے کی کوئی وجہ نہیں، بیان

کراچی (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ آپ اپنی سوچ سے زیادہ ذہین بہادر اور مضبوط ہیں، جو ضروری ہے اسے کریں۔ صدر عارف علوی نے ٹوئٹر پر اپنے بیان میں کہا کہ آپ اپنی سوچ سے زیادہ ذہین بہادر اور مضبوط ہیں، جو ضروری ہے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے میں جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے میں جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی، پولیس کے مطابق ہنہ کو کوئٹہ کے نواحی علاقے وشتمیں واقعہ درخشاں اسکیم کے قریب جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں امام دین نامی شخص زخمی ہو گیا پولیس نے زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کاروائی جاری ہے۔

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں ٹریکٹر کی ٹکر سے بچہ جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریکٹر کی ٹکر سے بچہ جاں بحق، پولیس کے مطابق ہنہ کو کوئٹہ کے علاقے مشرقی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لورالائی میں فائرنگ ایک شخص زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں فائرنگ ایک شخص زخمی تفصیلات کے مطابق ہنہ کو لورالائی کشنر کالونی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ہرنائی میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے سے ایک کان کن جاں بحق دوسرے کی حالت غیر ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے سے ایک کان کن جاں بحق دوسرے کی حالت

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ریڈیو پاکستان کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے وفاقی حکومت کی کوششیں جاری ہیں، محمد علی ظہور

کوئٹہ (ایف این) ریڈیو پاکستان کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے وفاقی حکومت کی کوششیں جاری

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

شبلی فراز کی قسمت میں مراد سعید بننا لکھا تھا سوبن چکے، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے سابق ڈپٹی اسپیکر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے پی کے جنرل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

عمران خان منہ دکھانے قابل نہیں رہیں گے، وزیر اعظم کے طنز پر طلال کا ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے طنز پر مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

چیئرپرسن قائمہ کمیٹی داخلہ کا طلال چوہدری کی میڈیا کوریج پر پابندی کیلئے ہنگامہ کھڑا کر دیا

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن قائمہ کمیٹی داخلہ مسرت جمشید چیمہ نے طلال چوہدری کی میڈیا کوریج پر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

غیر قانونی پالیس الاٹمنٹ ریفرنس میں نواز شریف کو اشتہاری قرار دینے کا نوٹس آویزاں کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) غیر قانونی پالیس الاٹمنٹ ریفرنس میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کو اشتہاری قرار

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

دنیا بھر میں کورونا وائرس کی دوسری لہر شروع ہو چکی ہے

ترجمان حکومت بلوچستان

گزشتہ روز دنیا بھر میں 3 لاکھ 58 ہزار کیسز رپورٹ ہوئے ایران میں کورونا وائرس کی دوسری لہر کے بعد صوبائی حکومت الرٹ ہے

صوبائی حکومت الرٹ ہے آج کے پی کے حکومت نے پشاور میں کیسز بڑھنے پر 2 ہزار دکانیں اور کئی علاقے سیل کئے ہیں، لیاقت شاہوانی

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان بلوچستان حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی دوسری لہر کا خدشہ وزیر اعظم نے ظاہر کیا ہے، دنیا بھر میں کورونا وائرس کی دوسری لہر شروع ہو چکی ہے۔ یہ بات انہوں نے ہنہ کو آفیسر کلب کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز دنیا بھر میں 3 لاکھ 58 ہزار کیسز رپورٹ ہوئے ایران میں کورونا وائرس کی دوسری لہر کے بعد صوبائی حکومت الرٹ ہے آج کے پی کے حکومت نے پشاور میں کیسز بڑھنے پر 2 ہزار دکانیں اور کئی علاقے سیل کئے ہیں بلوچستان میں کورونا وائرس کے اگست کی نسبت 3 گنا زیادہ ہیں، اکتوبر میں حکومت

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

2 سال لوگوں ہمارے 6 نکات پر کوئی پیش رفت سامنے نہیں آیا

جہانزیب جمال الدینی

بحالت مجبوری پارٹی کے ساتھیوں سے مشاورت کے بعد ہم نے حکومت سے اپنے راستے جدا کر لئے اور پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل ہو گئے

وفاقی حکومت کی دغلی پالیسیوں کی وجہ سے ہم نے اپنے راستے الگ کئے، دو سالوں میں ہمارے 6 نکات پر کوئی پیش رفت سامنے نہیں آیا، سینیٹر

تربت (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمال الدینی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی دغلی پالیسیوں کی وجہ سے ہم نے اپنے راستے الگ کئے، دو سالوں میں ہمارے 6 نکات پر کوئی پیش رفت سامنے نہیں آیا، بحالت مجبوری پارٹی کے ساتھیوں سے مشاورت کے بعد ہم نے حکومت سے اپنے راستے جدا کر لئے اور پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل ہو گئے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل ہونے سے پہلے ہم مسنگ پرسن سے لیکر بلوچستان کے تمام بنیادی مسائل تحریری طور پر اکو پیش کر چکے ہیں تمام ڈیموکریٹک پارٹیوں نے اس پر اتفاق کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وفاق سے (پی) اسٹ میں ہم نے مطالبہ کیا تھا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع کی پسماندگی کو ختم کرنے کیلئے دو سو ارب روپے کا پیکج اکو ملنا چاہیے پیکج ہم نے مانگا لیکن ہمارے بدلے 13 اور 15 ارب کا پیکج سندھ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

اپوزیشن قانون کے دائرے میں رہ کر جو مرضی کرنا چاہتی ہے کرے، قانون توڑنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، اسد عمر

ہمارے سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے جلسے نہ کئے جائیں، بڑے اجتماعات سے متعلق ایس او پیز طے ہونے چاہئیں، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی اسد عمر نے کہا ہے کہ پاکستان جمہوری ملک ہے اس لئے اپوزیشن قانون کے دائرے میں رہ کر جو مرضی کرنا چاہتی ہے کرے، قانون توڑنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، ہمارے سمیت

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گوادر پورٹ پر چینی باشندہ پانی میں ڈوب کر ہلاک

کوئٹہ (این این آئی) گوادر پورٹ پر چینی باشندہ پانی میں ڈوب کر ہلاک، ایس پی گوادر خالد مصطفیٰ کورائی کے مطابق گوادر پورٹ پر کام کے دوران چینی باشندہ سمندر میں گر کر ہلاک ہو گیا، پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا انہوں نے کہا کہ واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں موت کی حتمی وجہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ظاہر کی جائیں گی۔

حکومت نیب زدگان مفرور ملزمان کیساتھ کوئی ڈیل نہیں کریگا، نور محمد دمڑ

اپوزیشن کچھ بھی کرے ملکی خزانے لوٹنے والوں کو قومی دولت واپس قومی خزانے میں جمع کرنا پڑے گا

حکومت نیب زدگان، مفرور، عدالتوں و نیب کو مطلوب ملزمان کے ساتھ قسم کا کوئی ڈیل نہیں کریگا، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی: (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم نے اپوزیشن کے بیانیے کو مسترد کر دیا چاہیے اپوزیشن کچھ بھی کرے ملکی خزانے لوٹنے والوں کو قومی دولت واپس خزانے میں جمع کرنا پڑے گا حکومت نیب زدگان، مفرور، عدالتوں و نیب کو مطلوب ملزمان کے ساتھ قسم کا کوئی ڈیل نہیں کریگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ قوم نے 25 جولائی کو ووٹ اسی بنیاد پر دیا تھا کہ قوم تبدیلی چاہتے تھے اور ان قوم چوروں سے قومی دولت واپس وصول کرنے اور انہیں جیل کے سلاخوں کے پیچھے دیکھنے کیلئے دیا ہے اور پوری قوم اب بھی حکومت کے پشت پر کھڑی ہے اور حکومتی بیانیے کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ قوم نے اپوزیشن کے احتجاج کی کال مسترد کر دی انہوں نے کہا کہ آج پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی ایک دوسرے کی تعریفیں کر رہے ہیں پچھلے دو

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

تمام غیور عوام جلسہ عام میں شرکت کر کے اپنا جمہوری فریضہ ادا کرے، نصر اللہ خان زیرے

تاریخی جلسہ عام ملک میں حقیقی آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی سپرمیسی کی راہ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری ورکس صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ 25 اکتوبر کے عظیم الشان اور تاریخی جلسہ عام ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی سپرمیسی کی راہ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ تمام غیور عوام جلسہ عام میں شرکت کر کے اپنا جمہوری فریضہ ادا کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا میپ لوئر کاریز خوست آباد کے کلی زرغون میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع سے علاقائی سیکرٹری صابر خان رشتین، گل شاہین اور جلندر خان نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

قلعہ عبداللہ میں لیویز فورس نے بچے سے زیادتی اور قتل کے الزام میں 2 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے

قلعہ عبداللہ (آن لائن) قلعہ عبداللہ میں لیویز فورس نے بچے سے زیادتی اور قتل کے الزام میں 2 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ اپنی کمشنر قلعہ عبداللہ طارق جاوید مینگل نے بتایا کہ لیویز فورس نے کارروائی کے دوران دو مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے جن کے ڈی این اے کو بھیجے جائینگے، دونوں ملزمان سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر دفاع اعجاز شاہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ڈی ایم کے ایجنڈے پر حکومت بات کرنا چاہے تو مذاکرات ہو سکتے ہیں، قمر زمان کائرہ

حکومت کے خلاف ابھی تو تحریک کا آغاز ہو رہا ہے لیکن وزیر اعظم اور حکومتی ترجمانوں کی ہوائیاں اڑی ہوئی ہیں، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ حکومت کے خلاف ابھی تو تحریک کا آغاز ہو رہا ہے لیکن وزیر اعظم اور حکومتی ترجمانوں کی ہوائیاں اڑی ہوئی ہیں، وزیر اعظم تو کھلی دھمکیوں پر اتر آئے ہیں، وزیر اعظم کے پاس اپوزیشن کے خلاف غلط الزامات لگانے کے سوا کچھ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چودھری منظور احمد، چودھری اسلم گل، سید حسن مرتضیٰ اور ملک عثمان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ قمر زمان کائرہ نے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

حکومت پی ڈی ایم کی تحریک شروع ہونے سے قبل ہی بوکھلا گئی ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے فواد چوہدری کے جلسوں سے متعلق بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پی ڈی ایم کی تحریک شروع ہونے سے قبل ہی بوکھلا گئی ہے، حکومت نے پی ڈی ایم کے جلسوں میں رکاوٹیں ڈالنے کے لئے مختلف

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم گوجرانوالہ جلسہ ابھی شروع نہیں ہوا اسلیکٹڈ ٹولے کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں، مریم اور نگزیب

نواز شریف سے پہلے گوجرانوالہ جلسہ میں شرکت کرنے والے عوام کے شناختی کارڈز اور پاسپورٹ بھی قسط میں منتقلی کے لئے حاضر ہیں، خطاب

گوجرانوالہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم گوجرانوالہ جلسہ ابھی شروع نہیں ہوا اسلیکٹڈ ٹولے کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں۔ ہنہ کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے پی ڈی ایم کے جلسے کی تیاری کے لئے گوجرانوالہ میں پارٹی رہنماؤں، نکٹ ہولڈرز اور کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم گوجرانوالہ جلسہ ابھی شروع نہیں ہوا لیکن سلیکٹڈ ٹولے کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت بیروزگاری کے خاتمے کا عزم رکھتی ہے

سلیم کھوسہ

صحبت پور میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی معیار کے مطابق اور بروقت تکمیل سے عوام کیلئے کئی آسانیاں پیدا ہونگی

صحبت پور کی عوام نے ہمیشہ اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں خدمت کا موقع دیا ہے۔ حلقے کی عوام کو مایوس نہیں کرینگے، صوبائی وزیر ریونیو

صحبت پور (این این آئی) صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صحبت پور میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی معیار کے مطابق اور بروقت تکمیل سے عوام کیلئے کئی آسانیاں پیدا ہونگی۔ ہم نے علاقے کی عوام کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے اجتماعی منصوبوں پانچ سڑکوں کی تعمیر، اسکولز، ہسپتالز، واٹر سپلائی اور بجلی کی فراہمی سمیت ترقیاتی منصوبے دیئے ہیں۔ جن پر کام جاری ہے۔ صحبت پور کی عوام نے ہمیشہ اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں خدمت کا موقع دیا ہے۔ حلقے کی عوام کو مایوس نہیں کرینگے۔ ہماری سیاست کا محور صرف اور صرف عوام کی بلا امتیاز خدمت کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ سول سیکرٹریٹ میں اپنے آفس میں علاقائی عمائدین سے ملاقات کے دوران کیا۔ میر سلیم احمد کھوسہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

آئی اے نجف کے لیے 4 خصوصی پروازیں آپریٹ کرے گی، حکام پی آئی اے

کراچی (این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے کے حکام نے کہا ہے کہ پی آئی اے نجف کے لیے 4 خصوصی پروازیں آپریٹ کرے گی۔ پی آئی اے حکام کے مطابق یہ خصوصی پروازیں 15 سے 17 اکتوبر تک چلائی جائیں گی، جن میں کراچی اور لاہور سے 2، 2

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

موٹروے ریسٹ ایریاز میں اشیاء کی زائد قیمتوں پر شہریوں کی شکایات، وزیر اعظم عمران خان نے نوٹس لے لیا

اسلام آباد (آئین این آئی) موٹروے ریسٹ ایریاز میں اشیاء کی زائد قیمتوں پر شہریوں کی شکایات، وزیر اعظم عمران خان نے سٹزن پورٹل پر شکایات کا نوٹس لے لیا۔ ہنہ کو وزیر اعظم نے موٹروے ریسٹ ایریاز پر اشیاء خوردونوش کی زائد قیمتوں پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکومت کے خلاف ہونے والی تمام سازشیں ناکام ہو چکی ہیں، حکومت آئینی مدت پوری کریگی، فواد چوہدری

ملک کو لوٹنے والے چور نواز شریف ملک چھوڑ کی ہی بھاگ گئے ہیں اور اب اپنی بیٹی مریم نواز کو آگے لگا دیا جو سب سے بڑی چور ہے

پولیس رویہ کیساتھ تھانہ کلچر تبدیل کرنے کیلئے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے، اس پر بہت جلد عملدرآمد ہوگا، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کے خلاف ہونے والی تمام سازشیں ناکام ہو چکی ہیں، حکومت آئینی مدت پوری کریگی، ملک کو لوٹنے والے چور نواز شریف ملک چھوڑ کی ہی بھاگ گئے ہیں اور اب اپنی بیٹی مریم نواز کو آگے لگا دیا جو سب سے بڑی چور ہے پولیس رویہ کیساتھ تھانہ کلچر تبدیل کرنے کیلئے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے، اس پر بہت جلد عملدرآمد ہوگا۔ تھانہ رنگ پور کی نئی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

حکومت گرانا آسان مگر نظام تبدیل کرنا مشکل کام ہے، ہم چہرے نہیں نظام بدلنا چاہتے ہیں، سینیٹر سراج الحق

یتیم بچوں، بیواؤں اور مساکین کی کفالت کی ذمہ دار حکومت ہے مگر حکمرانوں کو اپنے اس فرض کی ادائیگی کا کوئی خیال نہیں، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد/کوہاٹ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ حکومت گرانا آسان مگر نظام تبدیل کرنا مشکل کام ہے۔ ہم چہرے نہیں نظام بدلنا چاہتے ہیں۔ ہماری لڑائی ظلم و جبر اور اس استحصالی نظام سے ہے جو پون صدی سے کروڑوں عوام کو غربت مہنگائی بے روزگاری اور بدامنی کی چکی میں پیس رہا ہے۔ لوگوں کو تعلیم صحت روزگار اور انصاف نہیں مل رہا۔ عدالتوں میں لاکھوں مقدمات زیر التوا ہیں، پیسے کے بغیر یہاں انصاف نہیں ملتا۔ سرکاری ہسپتالوں سے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کراچی: متحدہ ہوٹل میں ایچ ایس جے آئی کون پروجیکٹ کی افتتاحی تقریب سے ایم کے ایم پاکستان کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار خطاب کر رہے ہیں

اپنی زمین اور قوم کیخلاف سازش برداشت نہیں کرینگے

بی این پی

شہدائے 10 اکتوبر، شہدائے بلوچستان اور دنیا کے تمام شہداء کی عظیم قربانیوں اور جانوں کے نذرانے کے احترام میں ایک منٹ کھڑے ہو کر خاموشی اختیار کی گئی

ہمارے نوجوان طالب علم تعلیم سے آراستہ ہو کر صوبے و قوم کی بہتر انداز میں خدمت کر سکیں، پارٹی مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری موسیٰ بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شہدائے 10 اکتوبر عالمو چوک کی برسی کے حوالے سے تعزیتی ریفرنس منوجان روڈ بدو کوئٹہ میں پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا پروگرام کی صدارت شہداء کی تصاویر سے کرائی گئی جبکہ مہمان خاص پارٹی کے مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری موسیٰ بلوچ، اعزازی مہمان پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر ایم پی اے اختر حسین لانگو تھے شہدائے 10 اکتوبر، شہدائے بلوچستان اور دنیا کے تمام شہداء کی عظیم قربانیوں اور جانوں کے نذرانے کے احترام میں ایک منٹ کھڑے ہو کر خاموشی اختیار کی گئی تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی کمیٹی کے اراکین اختر حسین لانگو، غلام نبی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بھارت اور داعش کے گٹھ جوڑ کو دو سال پہلے ہی افشا کر دیا تھا، رحمان ملک

سری لنکا اور افغانستان میں داعش کے استعمال کے حوالے سے بھی میرے انکشافات ریکارڈ پر ہیں، سابق وزیر داخلہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وزیر داخلہ سینیٹر رحمان ملک نے کہا ہے کہ انہوں نے داعش اور بھارت کے گٹھ جوڑ کو دو سال پہلے ہی افشا کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق امریکی میگزین فارن پالیسی نے گزشتہ روز اپنی ایک رپورٹ میں بھارت اور داعش کے گٹھ جوڑ پر تفصیلی رپورٹ شائع کرتے ہوئے اسے علاقائی اور بین الاقوامی امن کیلئے تباہ کن خطرہ قرار دیا تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ بھارت نے داعش کے ساتھ مل کر اسٹاک ہوم، ترکی اور

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

11 اکتوبر 2020ء

سپاہ گری مشکل راستہ ہے جس پر چلنا آسان نہیں

پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ مثبت تنقید کو "باہر ڈوار" سے نہ ملایا جائے، ایسی تنقید جس کا بہت شور اور چرچا لگے شاید اعتماد، محبت اور حب الوطنی کا نتیجہ ہو لہذا ایسی تنقید پر توجہ دینی چاہیے، جہاں تعمیر اصلاح کی ضرورت ہو اس کا ضرور جائزہ لیں، یہ تنقید دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ بحیثیت قوم ہمیں حالات کا ادراک ہے اور ہم درست سمت جا رہے ہیں، آئین پاکستان اور قومی مفادات تمام معاملات میں ہمارے رہنما ہیں، ہم آئین اور قانون کی رہنمائی میں منتخب حکومت کی مدد جاری رکھیں گے، سپاہ گری مشکل راستہ ہے جس پر چلنا آسان نہیں، آج ہمارے ادارے مضبوط ہو رہے ہیں اور مل کر پاکستان کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں، وہ دشمن جو ہماری تباہی کا منصوبہ بنائے بیٹھے تھے، مایوسی سے ہماری کامیابیوں کو دیکھ رہے ہیں، ہم نے امن کیلئے بھاری قیمت ادا کی ہے اور امن قائم رکھنے کیلئے لہو سے اسکی حفاظت یقینی بنائیں گے، ذات پات، مذہب اور لسانیت سے برتر ہم سب پاکستان کے سپاہی ہیں، اتحاد ہماری قوت اور انشاءاللہ ہم سب متحد ہیں۔ پاکستانی قوم ہر مشکل اور ہر چیلنج میں آپ کو اپنے شانہ بشانہ ملے گی اور آپ پر فخر بھی کرے گی اور عزت بھی دے گی۔ ہم نے امن کیلئے بھاری قیمت ادا کی ہے اور امن قائم رکھنے کیلئے لہو سے اسکی حفاظت یقینی بنائیں گے۔ معاشی طور پر خود مختار اور نظریاتی مستحکم پاکستان جو قائد کا ویژن ہے اُس کی بنیاد کو ہمیشہ مضبوط کرنا ہے۔ آئین پاکستان اور قومی مفادات تمام معاملات میں ہمارے راہنما ہیں۔

مسلم دنیا دوراہے پر

سمیع اللہ ملک

یو اے ای اور بحرین کے بعد ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ مزید دس ممالک اسرائیل کو تسلیم کرنے کی تیاری کر رہے ہیں یقیناً ایک بار پھر مغربی طاقتیں اسرائیل کو تسلیم کرنے کیلئے مسلم ممالک پر دباؤ بڑھا رہی ہیں۔ یہ معاملہ کسی ملک کو تسلیم کرنے کا نہیں بلکہ مسلم دنیا کے ایمان کے سینے میں خنجر گھونپنے کا ہے۔ اسرائیل کا وجود مسلم دنیا کے جسم میں پل پل پھیلتے ناسور جیسا ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے اختتام پر اسرائیل کو قائم کر کے مغربی طاقتوں نے مسلم دنیا کیلئے ایک مستقل نوعیت کی اذیت کا سامان کیا جو اب تک جاری ہے۔ پہلی جنگ عظیم کے نتیجے میں جو نفرت پیدا ہوئی تھی، اس نے یہودیوں کو بہت بڑے پیمانے پر موت کے گھاٹ اتارنے کا سامان کیا۔ جرمن نازیوں نے یہودیوں سے صدیوں کے دوران چلنے والی نفرت کے تحت انتقام لیا۔ اگر یہودیوں کا یہ دعویٰ درست بھی تسلیم کر لیا جائے کہ دوسری جنگ عظیم کے دوران نازی جرمنوں کے ہاتھوں 60 لاکھ یہودی موت کے گھاٹ اترے تھے تب بھی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہودیوں کو سب سے زیادہ نفرت کس سے ہونی چاہیے تھی؟ ظاہر ہے، جرمنوں سے لیکن معاملہ اس کے برعکس ہے۔ مسلمانوں نے تو یہودیوں کو یوں سرعام نفرت کا نشانہ کبھی نہیں بنایا۔ یہودیوں کی نظر میں اگر انتقام لازم تھا تو پھر جرمنی کے خلاف کوئی قدم اٹھایا جانا چاہیے تھا۔ جرمنوں کو سبق سکھانے کی ضرورت تھی مگر مغربی قوتوں نے یہودیوں کو انصاف فراہم کرنے کیلئے مسلمانوں سے ناانصافی برتی اور یوں فلسطین کے سینے میں اسرائیل کے نام کا خنجر گھونپ دیا گیا۔ میرے رب نے 14 سو سال قبل ہی کلام اللہ میں متنبہ کر دیا تھا کہ:

اور تم سے نہ تو یہودی کبھی خوش ہوں گے اور نہ عیسائی، یہاں تک کہ تم ان کے مذہب کی پیروی اختیار کر لو۔ (ان سے) کہہ دو کہ اللہ کی ہدایت (یعنی دین اسلام) ہی ہدایت ہے اور (اے پیغمبر) اگر تم اپنے پاس علم (یعنی وحی خدا) کے آ جانے پر بھی ان کی خواہشوں پر چلو گے تو تم کو (عذاب) خدا سے (بچانے والا) نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔ (البقرہ:120)

یہ امر تسلیم شدہ ہے کہ یہودیوں کو اسرائیل میں بسا کر فلسطینیوں کی شدید ترین حق تلفی کی گئی ہے۔ اب بھرپور کوشش کی جا رہی ہے کہ پوری اسلامی دنیا اسرائیل کو تسلیم کر لے۔ اسرائیل کو جس طور قائم کیا گیا اور جس انداز سے اس ریاست نے مغرب کی سرپرستی میں فلسطینیوں سے شدید ناانصافی روا رکھی ہے اس کا تقاضا ہے کہ اسلامی دنیا اسرائیل سے نفرت کرے اور وہ ایسا ہی کرتی آئی ہے۔ عام یہودیوں سے مسلمان اب بھی نفرت نہیں کرتے۔ مغربی دنیا میں رہنے والے یہودیوں کو مسلمانوں سے کبھی کوئی شکایت نہیں۔ دنیا بھر کے مسلمان اچھی طرح جانتے ہیں کہ اسرائیل ایک سازش کے تحت معرض وجود میں لایا گیا ہے۔ اسرائیل کسی بھی طور برقرار نہیں رہ سکتا تھا مگر مغربی طاقتیں اُس کی پشت پناہ تھیں۔ امریکا اور یورپ نے مل کر اسرائیل کا وجود برقرار رکھنے پر توجہ دی ہے۔ اس کیلئے گویا فلسطینیوں کو انسان ہی نہیں سمجھا گیا اس کے باوجود کوشش یہی کی جا رہی ہے کہ تمام مسلم ممالک اسرائیل کو دل وجاں سے تسلیم کر لیں۔

یو اے ای و بحرین نے اسرائیل سے دوستی اور تعاون کا جو معاہدہ کیا ہے وہ اس امر کا غماز ہے کہ بات چیت بہت پہلے سے جاری تھی۔ جب موقع آیا تو "آملے ہیں سینہ چاکان چمن سے سینہ چاک" جیسی کیفیت پیدا ہو گئی۔ اسرائیل کو تسلیم کرنے کی تیاری بہت پہلے کر لی گئی تھی اور دوستی وتعاون کے معاہدے کے تمام نکات پر بھی رضامندی یقینی بنالی گئی تھی۔ یو اے ای اور اسرائیل نے جس انداز سے ایک دوسرے کو گلے لگایا ہے وہ صاف بتا رہا ہے کہ میدان بہت پہلے تیار کر لیا گیا تھا۔

تاہم سعودی عرب نے واضح طور پر اعلان کیا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ یہ اعلان شدید دباؤ کا نتیجہ ہے۔ یہ دباؤ اندرونی یعنی اسلامی ممالک کی طرف سے ہے۔ حرمین کی وجہ فطری طور پر سعودی عرب دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے انتہائی قابل احترام ہے اور ہر اہم معاملے میں سعودی عرب کی طرف دیکھتے ہیں۔ بیشتر مسلم ممالک کی قیادت سعودی عرب کے نقوش قدم پر چلنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتی اگر سعودی عرب صحیح راستے پر گامزن ہو۔ معاملات اس وقت پیچیدہ ہو جاتے ہیں، جب سعودی عرب سے اچھے اشارے نہیں آ رہے ہوتے۔ سعودی قیادت کو بھی اس کا شدت سے احساس ہے۔

مؤمنوں کو چاہئے کہ مؤمنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا اس سے اللہ کا کچھ (عہد) نہیں ہاں اگر اس طریق سے تم ان (کے شر) سے بچاؤ کی صورت پیدا کرو (تو مضائقہ نہیں) اور اللہ تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف (تم کو) لوٹ کر جانا ہے۔

(آل عمران:28)

ایک زمانے سے مسلم ممالک مرکزی قیادت کیلئے ترس رہے ہیں کہ مسلم دنیا کی قیادت کس ملک کے ہاتھ میں ہو۔ سعودی عرب اور ایران کی شکل میں مسلم دنیا دو بلاکس میں تقسیم ہے۔ مشکل یہ ہے کہ ان دونوں کی رقابت نے کئی ممالک کو شدید ترین منفی اثرات سے دوچار کر رکھا ہے۔ پاکستان جیسے ممالک کیلئے یہ معاملہ بہت عجیب اور نقصان دہ رہا ہے۔ یہاں سعودی عرب کی حمایت کرنے والے بھی موجود ہیں اور ایران نواز عناصر بھی۔ ایسے میں معاشرے کا منقسم ہو رہنا فطری امر ہے۔ سعودی قیادت کی خواہش اور کوشش رہی ہے کہ باقی دنیا سے معاملات طے کرنے میں مسلم ممالک اس کی طرف دیکھیں، اس کی پالیسی کو اپنائیں۔ سعودی قیادت کا جھکاؤ مکمل طور پر مغربی طاقتوں کی طرف ہے۔ امریکا نے سعودی قیادت کو مٹھی میں لے رکھا ہے۔ اس کی تمام پالیسیوں پر امریکی اثرات بالکل نمایاں ہیں۔ دوسری طرف یورپ بھی سعودی عرب کو زیر تصرف رکھنے پر متوجہ رہتا ہے۔ وہ اچھی طرح جانتا ہے کہ سعودی عرب پر اثر انداز ہو کر باقی اسلامی دنیا پر اثر انداز ہونا قدرے آسان ہو جاتا ہے مگر بنیادی سوال یہ ہے کہ سعودی قیادت کی پیروی کرنا ہر مسلم ملک کیلئے لازم ہے؟ اگر اس کی پالیسیاں اسلامی دنیا کیلئے مجموعی طور پر سود مند ہوں تب تو معاملہ ٹھیک ہے بصورت دیگر سعودی قیادت کی پیروی کرنا بے عقلی اور خسارے کا سودا ہی سمجھا جائے گا۔

اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بنانا یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو شخص تم میں سے ان کو دوست بنائے گا وہ بھی انہیں میں سے ہوگا بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ (المائدہ:51)

ڈیڑھ عشرے کی مدت میں ترکی تیزی سے ابھرا ہے۔ ترکی نے مسلم دنیا کی قیادت بھی کی ہے اور اب پھر ایسا کرنے کی کوشش میں ہے۔ اس وقت ترک قوم غیر معمولی اعتماد سے مالا مال ہے۔ ترکی نے یورپ کی طرز پر غیر معمولی ترقی یقینی بنا کر اسلامی دنیا کے سامنے خود کو مثال کی حیثیت سے پیش کیا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ مسلم دنیا جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہتے ہوئے آگے بڑھنے کی کوشش کرے۔ ترکی نے جدید ترین علوم وفنون میں پیش رفت یقینی بنانے پر خاطر خواہ توجہ دی ہے۔ یہ سب کچھ یورپ کی پیروی کرتے ہوئے ممکن ہو سکا ہے۔ ترکی میں عمومی طرز رہائش یورپی ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس نے اپنی تہذیب اور اقدار کو خیرباد کہہ دیا ہے۔ ترکوں کو اچھی طرح اندازہ ہے کہ انہوں نے مسلم دنیا کی قیادت کی تھی اور اگر موقع ہاتھ آ جائے تو اس دور کو دہرانے کی بھرپور کوشش کی جا سکتی ہے اور شاید وہ موقع آ چکا ہے۔

اردوگان ایک ایسے لیڈر بن کر ابھرے ہیں جو بعض اہم معاملات میں مغرب کی سوچ اور مرضی کو نظر انداز کرنے میں دیر نہیں لگاتے۔ اسرائیل کے معاملے میں انہوں نے یورپ کی ناراضی کی پروا نہیں کی اور محصور فلسطینیوں کی امداد کے حوالے سے ان کے اقدامات مسلم دنیا میں انتہائی مقبول ہوئے۔ بھارت کو کشمیر کے معاملے میں آنکھیں دکھانے کے معاملے میں بھی اردگان پیچھے نہیں رہے۔ انہوں نے ہر موقع پر پاکستان کے ساتھ کھڑے ہو کر باقی دنیا کو بتا دیا کہ کسی بھی اہم معاملے پر چین اسلامک سوچ اپنائی جا سکتی ہے۔ فلسطینیوں اور کشمیریوں کیلئے آواز بلند کر کے اردگان نے ایران اور ملائیشیا کو بھی زبان دی ہے۔ ملائیشیا نسلی اعتبار سے منقسم معاشرہ ہے۔ وہاں غیر مسلم بھی بڑی تعداد میں ہیں۔ یہ ملک اب تک مجموعی طور پر خاصا پرامن اور مستحکم رہا ہے۔ مہاتر محمد نے کشمیر اور چند دوسرے معاملات میں بھارت سے ٹکرانے سے گریز نہیں کیا۔ یہ بہت حیرت انگیز بات ہے کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت غیر معمولی نوعیت کی ہے۔ مہاتر محمد نے سویا بین آئل کی برآمد کو داؤ پر لگانے سے بھی گریز نہیں کیا۔ انہوں نے کشمیریوں کی حمایت میں نئی دہلی کو ناراض کرنے سے ذرہ بھر گریز نہیں کیا۔ اقوام متحدہ کے فورم سے بھی انہوں نے بھارت کو لتاڑنے میں بخل نہیں دکھایا۔ اس معاملے میں ان کے جذبات کو اردگان سے خاصی تحریک ملی ہے۔ ایران بھی ترکی اور ملائیشیا کا ہم نوا ہو کر ابھرا ہے۔ ان تینوں نے مسائل سے دوچار مسلم معاشروں اور زیادتی کا نشانہ بننے والی بڑی مسلم آبادیوں کے حقوق کی بات کر کے باقی دنیا کو بتا دیا ہے کہ اب معاملات کو جوں کا توں برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ جلد یا بدیر، مسلم دنیا کے بنیادی مسائل حل کرنے ہی سے بات بنے گی اور یہ کہ مغربی دنیا کو اسلامی ممالک یا مسلم اقلیتوں سے کھلواڑ جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

ترکی کا ابھرنا سعودی عرب کیلئے پریشان کن ہے کیونکہ اس کی نام نہاد قائدانہ حیثیت خطرے میں پڑ گئی ہے۔ سعودی عرب نے اب تک مغربی پالیسیوں کے مقابل انتہائی بزدلانہ رویہ اختیار کیا ہے۔ مسلم دنیا کو بہت سے اہم مواقع پر یہ توقع رہی کہ سعودی قیادت ان کے دل کی آواز بن کر ابھرے گی، دنیا بھر کے مسلمانوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے مغرب سے دوٹوک انداز سے بات کرے گی مگر اس نے ایسا کچھ بھی نہیں کیا۔ ہر اہم موقع پر سعودی قیادت نے اپنے اور خطے کے مفادات کو زیادہ سے زیادہ تحفظ عطا کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ یہ روش مسلم دنیا میں تقسیم کا باعث بنی ہے۔ ایران اور ترکی نے مسلم دنیا کی آواز بن کر اپنی پوزیشن مستحکم کر لی ہے۔ یہ دونوں ممالک اب ملائیشیا کے ساتھ مل کر مغرب کو کسی حد تک منہ دے رہے ہیں اور بھارت کو بھی۔ بھارتی قیادت اسلامی دنیا میں حق کیلئے آواز بلند کرنے کی طاقت رکھنے والے کسی بھی بلاک کے ابھرنے سے پریشان ہے۔ بھارت کے لاکھوں باشندے مسلم دنیا میں کام کر رہے ہیں۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین، قطر اور دیگر خلیجی ریاستوں میں بھارت کے لاکھوں مزدور، ہنرمند اور نالج ورکرز کام کر رہے ہیں۔ اگر ان ممالک میں ان کیلئے مجموعی طور پر مشکل حالات پیدا ہو گئے تو بھارتی معیشت کو غیر معمولی دھچکا لگے گا۔ بھارت میں مسلمانوں سے عمومی سطح پر زیادتیوں اور کشمیریوں سے خصوصی طور پر امتیازی سلوک روا رکھے جانے پر بھی عرب دنیا میں بسے ہوئے بھارتی باشندوں سے روا رکھے جانے حسن سلوک میں اب تک کوئی تبدیلی رونما نہیں ہوئی۔ بھارتی قیادت کو اس خوش کن حقیقت

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

سریاب اور گردونواح کے علاقے مسائل کا گڑھ بن چکے ہیں

ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی شخصیت میر شیر خان لہڑی

عوام سے ووٹ حاصل کر کے پھر انہیں فراموش کر دیا جاتا ہے عوام کو سبز باغ دکھائے جاتے ہیں ہر حکومت میں عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوتا ہے

انٹرویو۔ نور احمد راہی

انٹرویو۔ قیوم بلوچ۔ تصاویر خالد حسن مشتاق

ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی شخصیت میر گاہی خان لہڑی کے نوجوان فرزند میر شیر خان لہڑی بلوچستان کی سیاست اور قبائلی نظام میں ایک خوبصورت اضافہ ہے

انہوں نے تاحال کسی سیاسی جماعت میں باقاعدہ شمولیت اختیار نہیں کی البتہ ایک عرصے سے قبائلی اور سماجی حوالے سے انتہائی فعال کردار ادا کر رہے ہیں انتہائی خوش مزاج نرم گفتار خدا ترس اور انسانوں سے محبت کرنے والے مزاج کے مالک ہے قبائلی معاملات کے حوالے سے اپنے والد محترم کے لئے دست راست ثابت ہوئے ہیں اور بعض قبائلی جھگڑوں کے حل میں بھی کردار ادا کرتے ہیں کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے لاک ڈاؤن کے دوران انھوں نے مسیحا کا کردار ادا کرتے ہوئے لوگوں کی بے حد مدد کی ضرورت مندوں میں راشن اور نقد رقوم تقسیم کرتے رہے قومی تہواروں 14 اگست، 23 مارچ 6 ستمبر وغیرہ میں تقریبات کا اہتمام کرتے ہیں اور لوگوں کی خوشیوں میں شرکت کرتے ہیں حالات پر گہری نظر رکھتے ہیں ہم نے میر شیر خان لہڑی سے خصوصی گفتگو کا اہتمام کیا ان سے ہونے والی گفتگو من وعن پیش خدمت ہے ہے

سوال۔ میر صاحب آپ نے ابھی تک کسی سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار نہیں کی اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب۔ سب سے پہلے میں آپ اور آپ کے ساتھیوں کا مشکور ہوں کہ آپ نے اپنی بے پناہ مصروفیات میں سے میرے لئے وقت نکالا اور میرے خیالات عوام تک پہنچانے کا اہتمام کیا آپ کے سوال کے جواب میں عرض ہے وطن عزیز پاکستان میں سیاست ایک کاروبار بن چکا ہے یہاں عوام کو صرف دھوکہ دیا جا رہا ہے عوام سے ووٹ حاصل کر کے پھر انہیں فراموش کر دیا جاتا ہے عوام کو سبز باغ دکھائے جاتے ہیں ہر حکومت میں عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوتا ہے عوام سیاسی جماعتوں سے مایوس ہو چکے ہیں انہیں سیاست پر اعتبار نہ رہا، ہاں اگر سیاست مخلصی کے ساتھ کی جائے تو عظیم عبادت ہے تاحال مجھے ایک ایسی جماعت نظر نہیں آئی جس میں شمولیت اختیار کر کے عوام کی خدمت کی جا سکے

سوال۔ سماجی خدمت کے لیے کیسے وقت نکال لیتے ہیں؟

جواب۔ میں سمجھتا ہوں کہ عوام اور بالخصوص دکھی انسانیت کی خدمت عین عبادت ہے اگر آپ کسی ایک دکھی انسان کے چہرے پر مسکراہٹ لانے میں کامیاب ہوتے ہیں تو گویا آپ نے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر لی ہے بلوچستان کی صورتحال آپ کے سامنے ہے یہاں ہر دوسرا شخص پریشان ہے لوگ کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں وطن عزیز میں غربت کی بلند ترین سطح بلوچستان میں ہے جہاں آج بھی لوگ ننگے پیر گھومنے پر مجبور ہیں یہاں تک کہ لوگوں کو پیٹ بھرنے کے لیے سوکھی روٹی تک دستیاب نہیں ہوتی اس صورتحال میں اگر آپ کسی ایک خاندان کی مدد کرتے ہیں تو گویا آپ نے پوری انسانیت کی خدمت کی انسانوں کی خدمت کے لیے میں ہر وقت حاضر رہتا ہوں اس کے لئے وقت نکالنے کی ضرورت نہیں

سوال۔ میر صاحب سریاب کے مسائل کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔

جواب۔ میں سمجھتا ہوں کہ پسماندہ بلوچستان کا پسماندہ ترین علاقہ سریاب ہے سریاب اور گردونواح کے علاقے مسائل کا گڑھ بن چکے ہیں یہاں بجلی پانی گیس صفائی امن وامان ناپید ہو چکے ہیں یوں لگتا ہے جیسے یہاں کے عوام ابھی تک بابائے آدم کے زمانے میں زندگی گزار رہے ہیں سریاب اور گردونواح کے علاقے مکمل طور پر کھنڈرات بن چکے ہیں یہاں واسا کے نلکوں میں پانی آئے زمانہ گزر چکا ہے لوگ پرائیویٹ ٹینکر خریدنے پر مجبور ہے بجلی کی صورتحال یہ ہے کہ چوبیس گھنٹوں میں سے چار گھنٹے مشکل سے آتی ہے بجلی نہ ہونے کی وجہ سے رات کو سریاب کا علاقہ مکمل طور پر قبرستان کا منظر پیش کرتا ہے صفائی نصف ایمان ہے یعنی ایمان کا حصہ ہے اس کا یہاں وجود تک نہیں سریاب اور گردونواح کے علاقے مکمل طور پر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکے ہیں جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے میں نے کبھی صفائی کے عملے کو پورے سریاب میں کام کرتے نہیں دیکھا افسوس کی بات تو یہ ہے کہ اس مرتبہ سریاب کے علاقے سے تین ایم پی اے منتخب ہوئے ہیں گزشتہ تین سالوں میں یہ ایم پی اے حضرات سریاب کے لوگوں کو بجلی دلانے تک کامیاب نہیں ہو سکے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان حضرات کے سالانہ سرکاری فنڈ کہاں خرچ ہوئے۔

سوال۔ میر صاحب قبائلی تنازعات کے حوالے سے بتائیں۔

جواب۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ قبائلی تنازعات کے حوالے سے ابھی تک ہزاروں قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں بلوچستان کی پسماندگی کی ایک بہت بڑی وجہ قبائلی تنازعات بھی ہیں قبائلی تنازعات تباہی اور بربادی کا دوسرا نام ہے یقیناً قبائلی تنازعات کے حل کے لئے میرے والد محترم سمیت دیگر قبائلی شخصیات بھی سرگرم رہتے ہیں مگر چھوٹے پیمانے پر تنازعات کا حل نہیں کر سکتے میری تجویز یہ ہے کہ تمام قبائلی سربراہ پر مشتمل ایک گرینڈ بلوچ قومی جرگہ تشکیل دیا جانا چاہیے جس کی ذمہ داری صرف اور صرف ان تنازعات کے حل کے لئے کوششیں ہونی چاہیے

سوال۔ مہنگائی سے لوگ بڑے پریشان ہیں۔

جواب۔ جی ہاں اس وقت پاکستان میں تاریخ کے بدترین مہنگائی ہے عوام دو وقت کی روٹی کے لیے محتاج ہو چکے ہیں مہنگائی کے طوفان نے لوگوں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے مہنگائی کے ہاتھوں عام آدمی کے لیے سفید پوشی کا بھرم رکھنا مشکل ہو گیا ہے آپ سندھ اور پنجاب میں دیکھیے کہ لوگ تنگدستی کے ہاتھوں مجبور ہو کر خودکشیاں کر رہے ہیں مہنگائی کی بڑھتی وجوہات کرپشن بیرونی قرضے اور ناکام معاشی پالیسیاں ہیں گزشتہ تین سالوں میں جو بھی حکومت آئی اس نے عوام اور ملک کے لیے کچھ کرنے کے بجائے اپنے مخالفین کو دبانے پر توجہ دی ہے۔

بلوچستان کو ہی دیکھ لیجئے یہاں گزشتہ پندرہ سالوں میں سرکاری ملازمتوں میں بھرتی نہیں ہوئی ہر سال لاکھوں نوجوان تعلیم سے فارغ ہو کر روزگار کی تلاش میں سرگرداں ہو جاتے ہیں مہنگائی بڑھنے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ گھر میں کمانے والا ایک ہوتا ہے جبکہ کھانے والے زیادہ ہوتے ہیں مہنگائی دہشت گردی سے بھی زیادہ خطرناک ہو چکی ہے اگر اس کی روک تھام کے لیے کچھ نہ کیا گیا تو مستقبل میں صورتحال بہت خطرناک ہو سکتی ہے

سوال۔ عوام کے لیے کوئی پیغام۔

جواب۔ عوام باشعور ہے اپنے اچھے اور برے میں تمیز کر سکتے ہیں عوام نے بار بار دھوکے کھائے ہیں اب یقین ہے کہ مزید دھوکے نہیں کھائیں گے اپنے بچوں کو تعلیم دلائیں آپسی اختلافات ختم کر کے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں کچے پکے پاکستانی، سچے بلوچستانی، اور ایماندار انسان بن جائیں یہی میرا پیغام ہے

****

بلوچستان میں سیاحت کے مواقع

خادم حسین سومرو

صوبہ بلوچستان کو اللہ پاک نے کئی ایک نہایت خوبصورت مقامات سے نوازا ہے جن میں خاص کر کے مولہ چھنوک بیر غیب بولان، کنڈ ملیر ہنگول نیشنل پارک کوہ چلتن و دوسری ایسی جگہ شامل ہیں، جن پر سیاحتی صنعت کے لیے بہترین مواقع موجود ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک سیاحت کی صنعت سے بے شمار سرمایہ کما رہے ہیں ورلڈ ٹریول اینڈ ٹورازم کونسل کی 2018 کی ایک رپورٹ کے مطابق، 2017 میں، سیاحت اور ٹریول نے عالمی جی ڈی پی کا 2.21 فیصد حصہ لیا۔ یہ فیصد 2028 میں بڑھ کر 2.28 فیصد ہونے کی پیش گوئی کی جاری ہے۔ بلوچستان سے باہر بہت سے لوگ آپ کو صوبے میں سیاحت کے مختلف مواقع کے بارے میں نہیں بتا سکتے ہیں۔ پچھلی دہائی میں خطے میں بدترین دہشت گردی اور امن وامان کی خراب صورتحال نے مقامی اور عالمی سطح پر صوبے کی مثبت شناخت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔

اس صورتحال میں بہتری کے لیے موجودہ، صوبائی حکومت اور محکمہ سیاحت بلوچستان نے چند ایک اقدامات اٹھائے ہیں انہوں نے بتایا کے بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کے لئے مربوط کوششیں کی جاری ہیں اور صوبے میں سیاحوں کی سہولیات، ہوٹلوں، ریسٹ ہاؤسز اور انفارمیشن مراکز کی ترقی اور بہتری کے لئے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ وہ تجارتی منصوبے بھی تیار کر رہے ہیں نیز سیاحت کے میلے، ثقافت شوز اور تہواروں وغیرہ کا انتظام کرنے کے لئے منصوبہ بنا رہے ہیں تاکہ صوبے کے مختلف حصوں سے مسافروں کو راغب کیا جا سکے۔

پچھلے سال میں، ہم نے جاوا کے ساتھ ایوا ٹریولس پاکستان جیسے تجارتی میڈیا منصوبوں کے ذریعے مرکزی دھارے میں شامل اور سوشل میڈیا میں اس خطے کی مثبت تصویر اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور ان پروجیکٹس نے اس خطے کی قدرتی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ قدیم ثقافت کی نمائش کر کے اس صوبے کے بارے میں کچھ افسانوں کو دور کرنے میں مدد کی ہے جس سے بہت سے لوگ لاعلم ہیں۔

اقوام متحدہ کے عالمی سیاحت کی تنظیم کے مطابق سیاحت کو فروغ دینا پائیدار ترقی میں معاون ثابت ہوتا ہے جبکہ غربت کو کم کرنے اور روزگار میں اضافہ کرنا ورلڈ ٹریول اینڈ ٹورازم کونسل کی اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2017 میں دنیا میں ٹریول اور ٹورزم نے روزگار کے کل مواقع کا 10 فیصد حصہ لیا تھا اور 2028 تک اس قدر میں تقریباً 12 فیصد اضافے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ لہذا، بلوچستان میں سیاحت کی صنعت کی ترقی صوبے اور اس کی آبادی کی مجموعی حالت کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ ثقافتی شو، میلے اور دیگر ثقافتی پروگراموں کی تنظیم کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے جو سیاحوں کو اس علاقے کی طرف راغب کریں گے۔ مواقع جیسے کہ ان سے روزگار پیدا ہوتا ہے اور معاشی نمو میں اضافہ ہوتا ہے، جبکہ مقامی آبادی کے لئے روزگار پیدا ہوتا ہے۔ اس طرح کے واقعے کی مثال متحدہ عرب امارات کے دبئی میں نومبر سے اپریل کے دوران ہر سال گلوبل ویلج ہوتی ہے۔ خبروں کے مطابق، اس میلے میں 2018 میں پوری دنیا سے 6 ملین سے زیادہ زائرین راغب ہوئے تھے۔ اس میلے میں کاروباری لین دین میں 22 بلین درہم (6 بلین ڈالر) سے زیادہ کا کاروبار ہوا تھا اور اس میں افرادی قوت میں 10،000 کے قریب ملازمت تھی۔ سیاحت کو فروغ دینے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس خطے کے لئے ایک برانڈ تیار کیا جائے۔ اس کے لئے ایک حالیہ معاملہ کے پی ٹورزم ہے۔ پاکستان ٹریول فورم کے ذریعہ کئے گئے ایک کیس اسٹڈی میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت کے ذریعہ تنازعات کا حل نہیں کر سکتے میری تجویز یہ ہے کہ تمام قبائلی سربراہ پر مشتمل ایک گرینڈ بلوچ قومی جرگہ تشکیل دیا جانا چاہیے جس کی ذمہ داری صرف اور صرف ان تنازعات کے حل کے لئے کوششیں ہونی چاہیے

سوال۔ مہنگائی سے لوگ بڑے پریشان ہیں۔

جواب۔ جی ہاں اس وقت پاکستان میں تاریخ کے بدترین مہنگائی ہے عوام دو وقت کی روٹی کے لیے محتاج ہو چکے ہیں مہنگائی کے طوفان نے لوگوں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے مہنگائی کے ہاتھوں عام آدمی کے لیے سفید پوشی کا بھرم رکھنا مشکل ہو گیا ہے آپ سندھ اور پنجاب میں دیکھیے کہ لوگ تنگدستی کے ہاتھوں مجبور ہو کر خودکشیاں کر رہے ہیں مہنگائی کی بڑھتی وجوہات کرپشن بیرونی قرضے اور ناکام معاشی پالیسیاں ہیں گزشتہ تین سالوں میں جو بھی حکومت آئی اس نے عوام اور ملک کے لیے کچھ کرنے کے بجائے اپنے مخالفین کو دبانے پر توجہ دی ہے۔

بلوچستان کو ہی دیکھ لیجئے یہاں گزشتہ پندرہ سالوں میں سرکاری ملازمتوں میں بھرتی نہیں ہوئی ہر سال لاکھوں نوجوان تعلیم سے فارغ ہو کر روزگار کی تلاش میں سرگرداں ہو جاتے ہیں مہنگائی بڑھنے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ گھر میں کمانے والا ایک ہوتا ہے جبکہ کھانے والے زیادہ ہوتے ہیں مہنگائی دہشت گردی سے بھی زیادہ خطرناک ہو چکی ہے اگر اس کی روک تھام کے لیے کچھ نہ کیا گیا تو مستقبل میں صورتحال بہت خطرناک ہو سکتی ہے

سوال۔ عوام کے لیے کوئی پیغام۔

جواب۔ عوام باشعور ہے اپنے اچھے اور برے میں تمیز کر سکتے ہیں عوام نے بار بار دھوکے کھائے ہیں اب یقین ہے کہ مزید دھوکے نہیں کھائیں گے اپنے بچوں کو تعلیم دلائیں آپسی اختلافات ختم کر کے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں کچے پکے پاکستانی، سچے بلوچستانی، اور ایماندار انسان بن جائیں یہی میرا پیغام ہے

****

جب چوکیدار چوروں کا ساتھی بن جائے

محمد صدیق مینگل

کہتے ہیں کسی گاؤں میں ایک ہندو تاجر تجارت کرتا تھا، پر اس علاقہ میں چوروں کی بھی کارروائیاں زیادہ ہوتی تھیں ہندو بیچارہ جس کی دکان کئی مرتبہ لٹ چکی تھی، اپنے سامان تجارت کی تحفظ کے لئے سخت پریشان تھا اپنے پورے کنبہ کے ساتھ ساری رات دکان کی حفاظت کے لئے جاگتا رہتا اور ان کو لین دین ہوا کرتی تھی، دن ورات کی بے خوابی نے ہندو تاجر اور اس کے پورے خاندان کو نڈھال اور کمزور کر دیا تھا، ایسے میں ایک دن ہندو تاجر کے پاس ایک موٹا بنا کھٹا ش

شال بقیہ 1

والوں اور پام آئل کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے تو نہیں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئندہ ہفتے سے ہم غذائی اجناس کی قیمتیں کم کرنے کے حوالے سے تمام ریاستی اختیارات بروئے کار لاتے ہوئے اپنی پالیسی نافذ کریں گے۔

شال بقیہ 2

مایوسی سے ہماری کامیابیوں کو دیکھ رہے ہیں، ہم نے امن کیلئے بھاری قیمت ادا کی ہے اور امن قائم رکھنے کیلئے لہو سے اسکی حفاظت یقینی بنائیں گے، ذات پات، مذہب اور لسانیت سے برتر ہم سب پاکستان کے سپاہی ہیں، اتحاد ہماری قوت اور انشاءاللہ ہم سب متحد ہیں۔ ہفتہ کو پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے تاہم پاکستانیوں کے دل بہت بڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم ہر مشکل اور ہر چیلنج میں آپ کو اپنے شانہ بشانہ ملے گی اور آپ پر فخر بھی کرے گی اور عزت بھی دے گی۔ انہوں نے کہا کہ آپ پر فرض ہے کہ مکمل وفاداری اور بے مثال لگن سے ان کے اعتماد پر ہمیشہ پورا اتریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کا افواج پر اعتماد اور مضبوط رشتہ دراصل ان بے شمار قربانیوں کا ثمر ہے جو ہمارے غازیوں اور شہیدوں نے اپنے لہو سے رقم کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ پر لازم ہے کہ اس رشتے کو مضبوط سے مضبوط تر بناتے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نظم وضبط، فرائض کی بجا آوری اور غیر جانب داری آپ کا ہدف ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کو اپنی جوانی کا ایک بڑا حصہ سخت مشکلات اور بہتر کل مستقبل کی آبیاری میں مختص کرنا پڑے گا اسے مشکل کی بجائے چیلنج کے طور پر قبول کریں۔ انہوں نے کہا کہ سپاہ گری مشکل راستہ ہے جس پر چلنا آسان نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس راستے میں اپنے آپ کو وقف کرنا پڑتا ہے اور آپ کو ڈلیور کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے امن کیلئے بھاری قیمت ادا کی ہے اور امن قائم رکھنے کیلئے لہو سے اسکی حفاظت یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امن سنگ میل تو ہے منزل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی طور پر خود مختار اور نظریاتی مستحکم پاکستان جو قائد کا ویژن ہے اس کی بنیاد کو ہمیشہ مضبوط کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے بہت سے ممالک کی طرح پاکستان کو جنگ، دہشت گردی اور معاشی تنگی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے بہت سے ممالک ان مشکلات کا سامنا نہ کر سکے اور بکھر گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ان تمام سازشوں اور مشکلات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت ہے کہ متحد ہو کر اور اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر پاکستان کو خوشحالی اور ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔

شال بقیہ 3

ہوئے یاسین عرف بابا نامی دہشتگرد کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے ایک پستول برآمد کر لی، ترجمان کے مطابق ملزم کوئٹہ کے علاقے علمدار روڈ، ہزارہ ٹاؤن سبزی منڈی دھماکوں میں مطلوب تھا اسکا ایک ساتھی کمانڈر 2015 میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ مقابلے میں مارا گیا تھا جس کے بعد سے ملزم روپوش تھا، ترجمان کے مطابق ملزم نے ابتدائی تفتیش میں مذہبی دہشتگردی، خودکش حملوں میں ملوث ہونے کا اعتراف کر لیا ہے جبکہ اسکے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے

شال بقیہ 4

نے ایک 11 ہزار ٹیسٹ کیے ہیں بلوچستان حکومت تین اضلاع میں ٹیسٹنگ بڑھانے جا رہی تھی، عوام سے اپیل ہے کہ ایس او پیز پر عمل درآمد کرے گزشتہ لاکھ ڈاؤن میں 7 لاکھ افراد متاثر ہوئے، روزانہ اجرت پر کام کرنے والے 8 لاکھ افراد بے روزگار ہوئے، کورونا وائرس کی وجہ سے اموات کی شرح میں پاکستان دنیا میں 23 ویں نمبر پر ہے، کورونا وائرس کی دوسری لہر پر قابو پانے کے لیے ہمیں ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 5

اور پنجاب کو دیا گیا کسی دوسرے صوبے کو ملنے کے خلاف نہیں لیکن ہمارا بھی حق بنتا ہے، انھوں نے کہا کہ وفاق کے ذمہ 6 فیصد کے حساب سے بلوچستان کا جو حق بنتا ہے اسے دینے کیلئے وفاق تیار نہیں ہے جب کیوبڑے کے نمک پر پنجاب کا حق بنتا ہے ساحل سمندر اور گوادر پورٹ پر ہمارا حق کیوں نہیں، جزائر پاکستان کے حصے ہونے چاہیے لیکن اس پر قبضہ بلوچستان کا ہونا چاہیے ایک آرڈیننس کے ذریعے بلوچستان کے جزائر کو وفاق کے قبضے میں لینے کی کوشش کی جارہی ہے بلوچستان نیشنل پارٹی اسے پارلیمنٹ میں پیش کرے گی اور کورٹ میں چیلنج کرے گی انھوں نے کہا کہ اس وقت 29 ہزار وفاقی ملازمتوں پر بلوچستان کے کوٹے پر دوسرے صوبوں کے افراد براجمان ہیں جو کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی حق تلفی ہے اس وقت وفاق میں بلوچستان کا نہ کوئی سیکریٹری، نہ ڈائریکٹر اور نہ ایڈیشنل سیکریٹری ہے وفاقی لیول پر بلوچستان کو یکسر نظرانداز کر دیا گیا ہے انھوں نے کہا اس وقت ہم اپنے ساحل سمندر سے محروم ہیں ہمارے مچھیرے نان شیونہ کے محتاج ہو چکے ہیں جتنے بھی ٹرالر ہمارے سمندر کو صاف کر رہے ہیں ہمارے بلوچستان اسمبلی کے اراکین اس میں شامل ہیں جو کہ ہماری بدقسمتی ہے انھوں نے کہا کہ ہمارے معاش کا زیادہ تر انحصار ایران سے ہے لیکن اس پر بھی لائن ایکنیسز کو اعتراض ہے غریبوں کے روزگار اور چھوٹے موٹے کاروبار کو روکنے کے بجائے بارڈر کے کاروبار کے طریقہ کار کو ایک جامعہ حکمت عملی کے تحت آسان بنایا جائے اگر ایران بارڈر پر کاروبار پر پابندی عائد کرنا ہے یہاں کے بے روزگار لوگوں کیلئے متبادل روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں انھوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایک بھی موٹروے نہیں ہے اگر پنجاب میں پچاس موٹروے بنائے گئے ہیں اس پر اعتراض نہیں ہے لیکن بلوچستان کا بھی حق بنتا ہے اس سلسلے میں ہم نے چائنہ سے بات کی تو انھوں نے کہا کہ ہم دینے کیلئے تیار ہیں اپنے ملک سے بات کرو انھوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹ بلوچستان کے حقوق کی جنگ ہر فورم پر اٹھاتی رہے گی جمہوری انداز میں اپنے حق کی جنگ لڑیں گے۔

شال بقیہ 6

سال پہلے الیکشن کی تقاریر نکال کر سنیں اور ان کے چہرے دکھائیں کوئی کہتا تھا کہ میاں صاحب آپ نے ملک کی معیشت کا خانہ خراب کر دیا اور کوئی کہتا کہ آصف زرداری کو سڑک پر گھسیٹ لونگا انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جو منفی ہتھکنڈوں کی سیاست کر رہی ہے ان سے چند کرسیاں نہیں بھری جارہیں، انہوں نے کہا کہ آپ اپنی لیڈروں کی کرپشن بچانے کی بات کر رہے ہیں ایسا نہیں ہوگا، پاکستان بدل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس کسی نے اس ملک کا پیسہ لوٹا ہے اس کا احتساب ہے بلاتفریق ہوگا، ہم دونہیں ایک پاکستان کی منزل کے قریب ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ جب خود

شال بقیہ 7

نے مزید کہا کہ بلوچستان کی ترقی کیساتھ ساتھ ضلع صحت پور کی ترقی وخوشحالی کو مقدم رکھنے کیلئے مستقل بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں۔ تعلیم، صحت، بجلی اور قومی شاہراہوں پر بھرپور توجہ مرکوز رکھی ہوگی۔ عوام کی معیار زندگی کی بلندی ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کو سہولیات کی فراہمی بلوچستان عوامی پارٹی کی مشن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی عوام میں مقبول اور منظم پارٹی بن چکی ہے۔ پارٹی کے قائد وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے کی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ صوبہ بھر میں مختلف عوامی مفادات کے میگا پروجیکٹس پر کام جاری ہے۔ اگلی تکمیل سے بلوچستان کے عوام کی تقدیر بدل جائے گی۔ اور خوشحالی کا دور دورا ہوگا۔ جام حکومت بلوچستان میں بیروزگاری کے خاتمے کا بھی عزم رکھتی ہے۔ بلوچستان کے بیروزگار نوجوانوں کو خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر نوکریاں دی جائیں گی۔ تاکہ بیروزگاری کا خاتمہ ہو سکے۔

شال بقیہ 8

مری میر جمال لانگو صلعی صدر ایم پی اے احمد نواز بلوچ' جنرل سیکرٹری آغا خالد داؤد' پی این پی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالواحد بلوچ' کوئٹہ کے سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی' انفارمیشن سیکرٹری یونس بلوچ' لیبر سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی' حاجی عبدالکریم لانگو' میر زعفران مینگل' ملک صلاح الدین کاکڑ' پرنس رزاق بلوچ اور رضا جان شاہی زئی نے خطاب کرتے ہوئے شہداء 10 اکتوبر شہید علی محمد لانگو اور جان محمد مری اور دیگر ساتھیوں کے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے ان کی قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء نے بلوچ قوم اور بلوچستان کے خلاف ہونے والے سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہوئے اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے ثابت کیا کہ اپنی سرزمین اور قوم کے خلاف کسی قسم کی سازش برداشت نہیں کریں گے اسی یاداش میں اپنی جانوں کی قربانی دے کر عملی ثبوت پیش کیا بلوچستان کی قومی تحریک شہداء کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے ہر شہداء کی قربانی کا پس منظر اور فلسفہ کا بنیادی مقصد بلوچ قوم اور بلوچستان کو ترقی وخوشحالی اور تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتے ہیں اور ان کی قربانیوں کا بنیادی مقصد کا محور یہی رہا کہ اپنے قومی حقوق' واک و اختیار' تہذیب و تمدن' بقاء شناخت وجود کو ہر حالت میں بحال رکھا جائے بلوچ قوم کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے جنہوں نے ہر چیز' ظلم و ناانصافی کے سامنے جھکے ہو کر کبھی سر تسلیم خم نہیں کیا مقررین نے کہا کہ شہداء عالمو کے بلوچ فرزندوں کو ایک ایسے حالات میں قتل و غارت' ظلم و جبر کا نشانہ بنایا گیا جب وہ ہزار بگی میں زرعی کالج کی تعمیر کرانا چاہتے تھے تاکہ ہمارے نوجوان طالب علم تعلیم سے آراستہ ہو کر صوبے و قوم کی بہتر انداز میں خدمت کر سکیں اور انہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیے کر دنیا کے سامنے یہ واضح کیا کہ بلوچ قوم ایک تعلیم دوست قوم ہے اور وہ تعلیمی معیار کو اپنے علاقے میں بہتر بنانے کے لئے عملی طور پر جدوجہد اور کوششیں کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 9

ہے جس کی بو سے گیس لیک کی نشاندہی کی جاسکتی ہے انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ شہر میں گیس لیک سروے کیا جارہا ہے جسکی وجہ سے شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کی بو کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں گیس لیک کی نشاندہی ہوگی وہاں مرمت کا کام کیا جائیگا ترجمان کے مطابق شہر میں مختلف کاموں کے لئے کھدائی کے دوران اکثر گیس پائپ لائنز کو نقصان پہنچتا ہے انکی طرح گلی محلوں، گھروں میں جانے والی سروس لائن اور سروس وال بھی اکثر لیک ہو جاتے ہیں جنکی مرمت کے لئے شہر میں ٹیمیں کام کر رہی ہیں۔ دوسری جانب کوئٹہ ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان کے ڈائریکٹر جنرل جہانگیر خان کاکڑ نے سوئی سدرن گیس کمپنی کوئٹہ کے جنرل منیجر کو نوٹس جاری کیا ہے جس میں انہوں نے شہر میں گیس کی بدبو کے حوالے سے تفصیلات طلب کی ہیں، نوٹس میں کہا گیا ہے کہ اگر شہر میں گیس لیک ہے تو اسکی مرمت کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے ادارے کو آگاہ کیا جائے گیس لیک کے باعث ماحول اور صحت پر مضر اثرات ہونے کا اندیشہ ہے جبکہ شہر کی فضاء پہلے سے ہی آلودہ ہونے کی وجہ سے یہ خطرہ مزید بڑھ سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کوئٹہ شہر میں گیس لیک کا نوٹس لیتے ہوئے مرمت کے لئے فوری اقدامات کریں تاکہ شہریوں کی صحت کو تحفظ فراہم کرنے ساتھ ساتھ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کا بندوبست کیا جاسکے۔

شال بقیہ 10

عملی ثبوت دیں، کرپشن سے ملک کی بنیادوں کو کھوکھلی کرنے کا جواب تو دینا ہی پڑے گا۔ ہفتہ کو ٹویٹر پر اپنے بیان میں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ عمران خان ملکی دولت لوٹنے والوں کے اعصاب پر سوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی حکمرانی کے دعویدار بلاول صاحب اپنے انکل نواز شریف سے کہیں کہ واپس عدالت میں پیش ہو کر قانون کی حکمرانی کا عملی ثبوت دیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول اس کرپٹ ورثے کے نمائندے ہیں جنہوں نے ملک کی بنیادوں کو کھوکھلا کیا۔ شبلی فراز نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو بھٹو کی وفاقی جماعت سے علاقائی جماعت میں بدلنے کا سہرا بلاول اور والد کے سر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوئس اکاؤنٹس بھرنے اور سرے محل تعمیر کرنے والے وکلاء سے کس منہ سے مخاطب ہو رہے؟ قوم کا مال تو واپس کرنا ہی پڑے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کرپشن سے ملک کی بنیادوں کو عملی کرنے کا جواب تو دینا ہی پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ زرداری صاحب اقتدار میں بھلے چنگے اور اپوزیشن میں بیمار ہو جاتے ہیں، نواز شریف اور آصف زرداری دونوں کی بیماری کا سبب ایک ہی ہے، قوم سے یہ دھوکہ وہی اب نہیں چلے گی۔

شال بقیہ 11

اسے کریں، پھر جو ممکن ہو وہ کریں اور پھر آپ ناممکن کو ممکن بنا رہے ہوں گے کیونکہ آج ہی ایک پرمسرت کل کا آغاز ہے۔ گالنوں نے کہا کہ آئیں ذہنی دباؤ اور ڈپریشن کا مقابلہ کریں اس کو چھپانے اور اس سے گھبرانے کی کوئی وجہ نہیں۔

تیس، چالیس سالوں سے اسمبلی میں بیٹھے چلے آرہے تھے وہ سلیکٹڈ نہیں تھے اب جب قوم نے انہیں مسترد کر دیا ہے تو اب یہ جماعتیں سلیکٹڈ کا واویلا کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ملک میں اپوزیشن جماعتیں عوام قوت کھو چکے ہے ان کے پاس عوامی طاقت نہیں ہے نہ ہی قوم اب انکے جھوٹے نعروں میں آنے والے ہے جو کل تک ایک دوسرے کے خلاف اسٹیج پر کھڑے ہو کر ایک دوسرے کو چور ڈاکوں کہہ کا پکارتے تھے اب قوم باشعور ہو چکی ہے اور قوم کو جھوٹے نعروں سے ورغلایا جاسکتا۔

شال بقیہ 12

کھڑے ہیں اور اگر قائد حزب اختلاف کو پارلیمان میں بولنے کی اجازت نہیں ہوگی تو ہمیں مجبوراً نکلنا ہوگا، جب عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے تو ہم سڑکوں پر آئیں گے۔ وکلا نے ہمیشہ پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر تحریکیں چلائی ہیں اور اس حکومت اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف بھی وکلا جمہوری قوتوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے کارکن کے لیے گرفتاری کی دھمکی کوئی نئی نہیں ہے اور ہم جانتے ہیں کہ جب تک وکلا برادری ہمارے ساتھ کھڑی ہے اس وقت تک وہ میرے کارکن پر آنچ تک نہیں آنے دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کراچی بار میں وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے آئین، جمہوریت، انسانی حقوق کے لیے وکلا کے ساتھ مل کر تحریکیں چلائی ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ اگر میں آپ کی بات پارلیمان میں نہیں اٹھا سکتا، اگر قائد حزب اختلاف کو پارلیمان میں بولنے کی آزادی نہیں ہوگی تو کہاں ہوگی، اگر ہم پارلیمان میں آپ کے مسائل نہیں اٹھا پا رہے لہٰذا ہم مجبور ہو چکے ہیں کہ ہم آپ کے مسائل سڑکوں پر اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کا پہلا جلسہ 16 تاریخ کو گوجرانوالہ میں ہوگا اور 18 اکتوبر کو ساہنگ کارساز کی یاد میں پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے ہزار قائد پر تاریخی جلسہ کریں گے۔ بلاول بھٹو کی تقریر کے دوران وکلا کی جانب سے شدید بدنظمی کا مظاہرہ کیا گیا اور تقریب کے دوران مستقل شور شرابا جاری رہا جس کی وجہ سے چند مواقعوں کو بلاول کو اپنا خطاب بھی روکنا پڑا۔ کراچی بار میں موجود وکلا کی اکثریت نے ماسک بھی نہیں پہنے ہوئے تھے جس کو دیکھتے ہوئے بلاول نے بھی وکلا کو ماسک پہننے کی ہدایت کرتے ہوئے باور کرایا کہ کورونا ابھی ختم نہیں ہوا۔

شال بقیہ 13

وسیم ولد نثار احمد عمر 34 سال اور کراچی کے علاقے شاہ بیگ لین لیاری سے تعلق رکھنے والے نوجوان تاج محمد ولد ولی محمد عمر 29 سال نکلزہ ندی بیلہ میں نہاتے ہوئے گہرے پانی میں جانے سے ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی اور لیویز فورس نے فوری طور پر نکلزہ ندی پہنچ کر ان کی نعشوں کو ریسکیو کر کے سول ہسپتال بیلہ منتقل کیا۔ بعدازاں ان کی نعشوں کو کراچی منتقل کر دیا گیا اور نعشیں ان کے ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔

شال بقیہ 14

تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ جلسے نہ کیے جائیں، بڑے اجتماعات سے متعلق ایس او پیز طے ہونے چاہئیں، قومی رابطہ کمیٹی میں بڑے اجتماعات کا معاملہ زیر غور آئے گا۔ یہاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ حکومت عوام کی زندگی بہتر کرنے کیلئے اپنے کام میں لگی ہوئی ہے لیکن اپوزیشن کو یہ ہضم نہیں ہو رہا، جمہوری ملک ہے اپوزیشن قانون کے دائرے میں رہ کر جو مرضی کرنا چاہتی ہے کرے لیکن یہ نہیں ہونا چاہیے جمہوریت کے نام پر قانون توڑیں، جمہوریت کے نام پر قانون توڑنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

شال بقیہ 15

کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ ملک میں حقیقی جمہوریت، جمہوری حکمرانی، پارلیمنٹ کی سپرمیسی، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور ملک کو قوموں کی برابری کا فیڈریشن، صوبائی خودمختیاری اور خارجی محاذ پر ملک کو تنہائی سے نکالنے اور تمام ملکی اداروں کو آئینی حدود میں کام کرنے کا پابند بنانے کو ملک اور عوام کیلئے نیک شگون ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عوام باشعور ہو چکے ہیں اور وہ نااہل، ناکام سلیکٹڈ حکمرانوں سے نجات چاہتے ہیں۔ سلیکٹڈ حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں کے باعث آج عوام کو ہر شعبہ زندگی میں اذیت ناک صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ملک میں سخت ترین مہنگائی، بدترین بیروزگاری کے باعث عوام بالخصوص نوجوانوں میں مایوسی انتہائی حد تک بڑھ چکی ہے۔

شال بقیہ 16

کہا کہ اپوزیشن جتنا مرضی واویلا کر لے اور آل پارٹیز کانفرنس بلا لے ان کو منہ کی کھانا پڑے گی۔ انھوں نے کہا کہ مہنگائی و پیٹرولیم بلوں کی قیمتوں میں اضافہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ ماضی کی حکومتوں میں بھی ایسا ہوتا رہا تاہم وزیراعظم عمران خان نے اس کا سخت نوٹس لیا اور عوام صبر کرے کیونکہ عوام کو بہت جلد ریلیف ملنے والا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ وزیراعظم نے انتخابات سے قبل جو وعدے کئے ان کے پورا کرنے کا وقت آ گیا ہے اور ملک کے ساتھ ساتھ عوام بھی خوشحال ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ پولیس رویہ کے ساتھ ساتھ تھانہ کلچر تبدیل کرنے کے لئے بھی منصوبہ بندی کی جارہی ہے اور اس پر بہت جلد عملدرآمد ہوگا جس کے تحت پولیس کسی کو بغیر ثبوت کے گرفتار نہ کر سکے گی اور نہ کسی شہری کو بلاجواز تنگ کرے گی۔

شال بقیہ 17

لیویز فورس کی تحقیقاتی ٹیم نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ میں نے بچے کے اہل خانہ سے خود ملاقات کیلئے جاؤں گا اور انہیں تسلی دوں گا انہیں انصاف ملے گا انہوں نے کہا کہ کیس میں مزید بھی گرفتاری متوقع ہیں بلوچستان میں رواں سال کے دوران خواتین اور بچوں کے خلاف پرتشدد کارروائیوں میں اضافہ ہوا، محکمہ انسانی حقوق کے مطابق رواں سال کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 40 بچوں کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔

شال بقیہ 18

کیا۔ بعدازاں سینیٹر قومی اسمبلی اسد قیصر نے ناصر شاہ کرکٹ اکیڈمی، شاہ منصور سپورٹس سٹیڈیم ضلع صوابی میں اوپن ایئر جیم کا افتتاح بھی کیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر اسد قیصر نے کہا کہ غربت خاتمہ فنڈز کے تحت ضلع صوابی کیلئے 17 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں جس میں آدھا فنڈ بنجر اراضی پر فصلوں اور بیج پر صرف کریں گے جس کی بدولت زیتون، کرونڈا اور پھول وغیرہ کے کاروبار اور کاشتکاری کو فروغ ملے گا، قومی اسمبلی میں زراعت کے حوالے سے جو خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے اس کے مطابق کسانوں کے حقوق کی تحفظ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائیں گے اور ایک ایسی پالیسی مرتب کریں گے جس کی بدولت کسان، محنت اور بیج ترقی کریں گے، زراعت کے حوالے سے تحقیق کو مزید بہتر کرنے پر بھی موجودہ حکومت کام کر رہی ہے۔

شال بقیہ 19

کہا ہے کہ وزیراعظم نے کس قانون کے تحت بات کی کہ وہ جلسے میں شرکت کرنے والوں کو جیل میں ڈال دیں گے، وزیراعظم فاشسٹ مزاج ہیں اپوزیشن کو دھمکیاں دیتے ہیں، لانگ مارچ جتنی آزادی ہمارا حق ہے یہ آزادی لیکر رہیں گے۔ عمران خان نے تو سول نافرمانی کا بھی نعرہ لگا دیا تھا، وزیراعظم خود جلسے کرتے ہیں اور اپوزیشن کو کورونا سے ڈراتے ہیں، وزیراعظم بتائیں کہ اپوزیشن کون سا ہندوستان کا ایجنڈا لیکر چل رہی ہے، 16 اکتوبر کو گوجرانوالہ کے جلسہ کیلئے پیپلز پارٹی بھرپور تیار ہے، گوجرانوالہ کا جلسہ حکومت سے چھٹکارے کا آغاز ہوگا، عمران خان نے کہا کہ نواز شریف آئی ایس آئی کو پنجاب پولیس بنانا چاہ رہے تھے، اسکا مطلب ہے کہ پنجاب پولیس کا کام یہ ہیکہ وہ حکمرانوں کی بات سنتی ہے۔

شال بقیہ 20

غریب کو ڈسپرین کی ایک گولی نہیں مل رہی، عدالتوں میں انصاف بکتا ہے اور جس کے پاس کروڑوں اور اربوں نہیں وہ ساری زندگی عدالتوں میں رل جاتا ہے۔ جماعت اسلامی دولت کی منصفانہ تقسیم اور عدل وانصاف روزگار اور تعلیم کے دروازے عوام کیلئے کھولنا چاہتی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں یکساں نظام تعلیم ہو، جس سکول میں حکمرانوں کے بچے پڑھتے ہیں اس میں غریب کا بچہ بھی تعلیم حاصل کر سکے۔ بچوں اور بچیوں کے اغواء اور زیادتی کے بعد قتل کے واقعات بڑھ گئے ہیں۔ یہاں کسی کی جان مال اور عزت محفوظ نہیں۔ 73 سال سے عوام غالم جاگیرداروں اور بے رحم سرمایہ داروں کے چنگل میں پھنسے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 21

پروازیں آپریٹ ہوں گی۔ پی آئی اے حکام کے مطابق نجف کیلئے ان پروازوں پر طالب علم اور اقامہ والے مسافروں کے لیے رعایت ہو گی۔ لاہور سے نجف کیلئے یک طرفہ کرایہ 49 ہزار روپے مقرر کیا گیا جبکہ کراچی سے نجف کے لیے 39 ہزار روپے کرایہ مقرر ہے۔ قومی ایئرلائن کے حکام کے مطابق مسافروں کو 30 کلوگرام سامان لے جانے کی اجازت ہوگی۔

شال بقیہ 22

انہوں نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کا شناختی کارڈ اور پاسپورٹ منسوخ کرنے سے پہلے گوجرانوالہ جلسہ میں شرکت کرنے والے عوام کے شناختی کارڈز اور پاسپورٹ پچھلی قسط میں منسوخی کے لئے حاضر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیٹیوں کے ساتھ سزائے موت کی چکیوں میں رہنے والے ان دھمکیوں سے نہیں ڈرتے، ڈر اور خوف کا شکار صرف بزدل اور سلیکٹڈی ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیل اور قید میں رہنے والے نواز شریف کے شیر آج پی ڈی ایم اور عوام کی قیادت کر رہے ہیں، پی ڈی ایم اور عوام کا اجتماع ہو کر رہے گا، روک سکو تو روک لو۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ کا جلسہ فیصلہ سلیکٹڈ آنا چینی چوروں کے خلاف عوام کے فیصلے کا دن ہوگا، گوجرانوالہ کا جلسہ ووٹ کو عزت دو، آئین، پارلیمان کی بالادستی کی جدوجہد میں فیصلہ کن ثابت ہوگا۔

شال بقیہ 23

حربے استعمال کرنا شروع کر دیے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تبدیلی سرکار کچھ بھی کر لے اب پی ڈی ایم کی تحریک رکنے والی نہیں، حکومت جلسے منسوخ کروانے کے لئے کورونا کا سہارا لینے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مخالف تحریک کے نتیجے میں نام نہاد تبدیلی سرکار کو گھر جانا پڑے گا، وزراء ایک طرف اپوزیشن کے جلسے منسوخ کروانا چاہتی ہے جبکہ خود آج لیاقت باغ میں جلسہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا کورونا صرف اپوزیشن کے جلسوں سے پھیل سکتا ہے پی ٹی آئی اے کے جلسوں سے نہیں؟ پیپلز پارٹی کی کورونا صورتحال پر گہری نظر اور احساس ہے، پیپلز پارٹی نے جس طرح کورونا کی روکتھام کے لئے اقدامات اور کامیابی حاصل کی اس کی پوری دنیا نے تعریف کی۔

شال بقیہ 24

سری لنکا میں چرچ پر حملے بھی کروائے۔ اس کے علاوہ فارن پالیسی کی رپورٹ میں بھارت کی جانب سے داعش کو افغانستان اور مقبوضہ کشمیر میں استعمال کرنے کا حوالہ بھی دیا تھا۔ فارن پالیسی میگزین کی رپورٹ کے بعد سینیٹر رحمان ملک نے سوشل میڈیا پر ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے داعش اور بھارت کے گٹھ جوڑ کو دو سال پہلے ہی افشا کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے آرٹیکل 'مودیز وار ڈاکٹرائن' میں بتایا کہ بھارت کی این ایس اے نے عراق میں داعش کے سربراہ سے ملاقات کی تھی۔ سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ میں نے یہ بھی بتا دیا تھا کہ بھارت کیسے داعش کو مقبوضہ جموں وکشمیر میں استعمال کر رہا ہے، سری لنکا اور افغانستان میں داعش کے استعمال کے حوالے سے بھی میرے انکشافات ریکارڈ پر ہیں۔

شال بقیہ 25

کارروائی کا حکم دیدیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزارت مواصلات، این ایچ اے اور آئی جی موٹروے کو مراسلہ جاری جاری کر دیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے مطابق موٹروے ریسٹ ایریاز پر قیمتوں کی مانیٹرنگ کے لیے خصوصی ٹیم مختص کی جائیں، ٹیمیں موٹروے ریسٹ ایریاز پر دن اور رات باقاعدگی سے چھاپے ماریں، ٹیمیں ضلعی انتظامیہ سے ضرورت پڑنے پر مدد کسی بھی وقت لے سکتی ہیں۔

شال بقیہ 26

بائی پاس پر تیز رفتار ٹریلر نے عبدالرحمن نامی بچے کو کچل دیا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 27

غیر ہوئی، ہفتہ کو ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں واقعہ کوئلہ کان میں گیس بھرنے سے نصراللہ نامی کانکن جاں بحق جبکہ نصیب اللہ بے ہوش ہو گیا انتظامیہ نے اپنی مدد آپ کے تحت لاش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا جبکہ دوسرے کانکن کو کوئسٹر ریفر کر دیا گیا۔

شال بقیہ 28

میں دو افراد کے درمیان لڑائی جھگڑے میں فائرنگ سے عجب خان نامی شخص زخمی ہو گیا پولیس نے زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29

میں ریڈیو پاکستان سریاب روڈ میں ڈیجیٹل 100 کلوواٹ ٹرانسفارمر کی تنصیب ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ڈپٹی کنٹرولر انجینئر محمد علی ظہور نے مزید کہا ہے کہ اس تنصیب سے ریڈیو کی دنیا میں بہت بہتری آئے گی اور ریڈیو پاکستان کے تعلیمی اور معلوماتی پروگرامز سے دور دراز کے علاقے بھی مستفید ہوں گے۔ بلوچستان کی اس اہم کامیابی میں وفاقی سیکرٹری اطلاعات محمد اکبر حسین درانی اور ڈائریکٹر جنرل پاکستان ٹیلیویژن جان کی کوششیں نہایت اہم ہیں اور بلوچستان کو ڈیجیٹل دنیا میں ہم آہنگ ہونے میں مزید مدد ملے گی اور لوکل زبانوں نے پروگرامز نشر ہونگے اور دور دراز کے علاقے بھی مستفید ہوں گے۔

شال بقیہ 30

سیکریٹری فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ شبلی فراز کی قسمت میں مراد سعید بننا لکھا تھا سو بن چکے۔ شبلی فراز کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے کہ

اوتھل: جے یو آئی کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری اوتھل میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ جام کمال کے ترقی کے اقدامات اپوزیشن کو ہضم نہیں ہو رہی، درچین مری

صادق سنجرانی کی صوبے کے لئے عملی اقدامات سے عوام کا بی اے پی پر اعتماد بن چکا ہے

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی سینئر رہنما محترمہ درچین مری نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال کے ترقی کے اقدامات اپوزیشن کو ہضم نہیں ہو رہی، چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کی صوبے کے لئے عملی اقدامات سے عوام کا بی اے پی پر اعتماد بن چکا ہے۔ حکومت نے صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لئے انقلابی اقدامات کئے ہیں۔ صوبے میں میگا پراجیکٹس سی پیک اور ساحلی تفصیل نمبر 43 صفحہ 3 پر

حکومت عوام کے بنیادی مسائل پر توجہ نہیں دے رہے ہیں، میر مبارک خان محمد حسنی

بلوچستان بھر میں گھریلو ٹیوب ویلوں کی بجلی کی بندش نے عوام اور زمینداروں کو مفلوج کر دیا ہے

قلات (پ ر) قلات جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی آکویز قلات قاری رحمت اللہ نقشبندی ناہب امیر حافظ عبدالرشید مینگل ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالسلام بلنگ رکن مرکزی شوریٰ سالار قلات مولانا منیر احمد نوشکوی نے صحافیوں سے بات کہا کہ حکومت ناکام ہو چکا ہے کیسکو بیٹ دھری 20۔ 22 گھنٹہ لوڈ شیڈنگ کی دوبچیج بوسیدہ تاریں شکستہ کھمبے رشوت ستانی استحصالی قوتوں کو فائدہ نے کی وجہ سے کیسکو ادارہ ختم ہونے کی قریب ہے عوام اور زمیندار فاقہ کشی پر مجبور ہیں حکومت عوام کے بنیادی مسائل پر توجہ نہیں دے رہے ہیں بلوچستان بھر میں گھریلو ٹیوب ویلوں کی بجلی کی بندش نے عوام اور زمینداروں کو مفلوج کر دیا ہے زمینداروں کی فصلات تفصیل نمبر 45 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے جزائر پر کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں، احمد نواز بلوچ

بلوچستان اور سندھ کے جزائر سے متعلق صدارتی آرڈیننس اٹھارویں ترمیم کی صریحا خلاف ورزی ہے

وفاق اٹھارویں ترمیم کے تناظر میں اس غیر قانونی و غیر آئینی آرڈیننس کو فوری منسوخ کرے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر و رکن بلوچستان اسمبلی میر احمد نواز بلوچ نے وفاقی حکومت کی جانب سے صدارتی آرڈیننس کے تحت بلوچستان اور سندھ کے جزائر کو وفاقی تحویل میں لیتے ہوئے آئی لینڈ اتھارٹی قائم کرنے کیخلاف سخت مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صدارتی آرڈیننس سراسر بدنیتی پر مبنی ہے جس میں دونوں صوبوں کے حقوق پر شب خون مارا گیا اور وسائل ہتھیانے کے لیے ڈاکہ مارا گیا بلوچستان کے جزائر پر کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں یہ بلوچستان کی ملکیت تھے اور رہیں گے ان جزائر پر بسنے والے غریب ماہی گیری ان کے مالک ہیں وفاق نے آئین سے تجاوز کیا جس تفصیل نمبر 37 صفحہ 3 پر

اوتھل: کراچی لنگر وندی میں ڈوب کر جاں بحق ہونے والے دو نوجوان کی لاشیں ہسپتال میں رکھی ہوئی ہے

لورالائی شہر و گردونواح میں قائم عوام کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے فلٹریشن پلانٹ میں سے اکثریت خراب ہیں

عوام گرمی اور سردی کے موسم میں بھی صاف پانی ملنے سے محروم ہیں، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

لورالائی (این این آئی) لورالائی شہر و گردونواح میں قائم عوام کو صاف پانی کی فراہمی کیلئے فلٹریشن پلانٹ میں سے اکثریت خراب ہیں جس سے عوام گرمی اور سردی کے موسم میں بھی صاف پانی ملنے سے محروم ہیں ایک طرف شہر میں پانی کی قلت دوسرے جانب جو پانی شہریوں کو فراہم کیا جا رہا ہے وہ بھی آلودہ ہے جس سے شہریوں کو مختلف بیماریاں لاحق ہو رہی ہیں اگر محکمہ پی ایچ ای ان واٹر فلٹریشن پلانٹ کو خصوصی توجہ ان کو ٹھیک کر کے اسکو پانی کی فراہمی یقینی بنائے تو عوام کو صحت افزاء پانی کی فراہمی ممکن تفصیل نمبر 53 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی مرکزی و صوبائی قائدین کی قیادت میں روز بروز عوام میں مقبول ہو رہی ہیں، حاجی شاہ زمان کاکڑ

بلوچستان کے مختلف علاقوں سے روزانہ سینکڑوں افراد شامل ہو رہے ہیں، ضلعی آرگنائزر بی اے پی

ژوب (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی آرگنائزر حاجی شاہ زمان کاکڑ، ڈپٹی آرگنائزر ڈاکٹر غیر محمد مندوخیل، سردار ناصر خان ناصر، مولوی قطب الدین خوشی، فضل امین مندوخیل، خدائیداد خان کاکڑ، عبداللہ جان کاکڑ و دیگر نے 12 اکتوبر کو ضلعی انتخابات کے حوالے سے باپ پارٹی کے ضلعی دفتر میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تفصیل نمبر 61 صفحہ 3 پر

شاہوانی اور ابابکی قبائل کے درمیان جاری تنازعہ کا تصفیہ کر دیا گیا

مستونگ (این این آئی) شاہوانی اور ابابکی قبائل کے درمیان جاری تنازعہ کا تصفیہ کر دیا گیا تصفیات کے مطابق کچھ عرصہ پہلے ابابکی قبائل نے شاہوانی قبیلہ کے طائفہ سوریزئی کے افراد پر حملہ کیا تھا جس سے شاہوانی قبیلے کے افراد زخمی ہوئے تھے اس دوران ابابکی قبیلہ تفصیل نمبر 62 صفحہ 3 پر

کرونا نے تعلیم کا بیڑہ غرق کیا جبکہ باقی رہی سہی کسر صوبائی حکومت پوری کر رہی ہے، حافظ عثمان

سکولوں میں مختلف مضامین کے کتب کی کمی اور عدم فراہمی سے اساتذہ سخت مشکلات سے دوچار ہیں

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر حافظ عثمان اور ضلعی کابینہ کے دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو تعلیم کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہے، کچھ عرصہ کرونا نے تعلیم کا بیڑہ غرق کیا جبکہ باقی رہی سہی کسر صوبائی حکومت پوری کر رہی ہے 15 ستمبر کو سکول کھل گئے ہیں مگر سکولوں میں مختلف مضامین کے کتب کی کمی اور عدم فراہمی سے اساتذہ سخت مشکلات سے دوچار ہیں جب صوبائی حکومت پوری کتب فراہم نہیں کر سکتی تعلیم اداروں میں اصلاحات اور بہتری تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

نواں کلی اور مضافات میں گیس پریشر کا مسئلہ کیا جائے، حاجی نور گل خلجی

گیس پریشر کم ہے یا لوڈشیڈنگ ہے جس سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے

سلیکٹڈ وفاقی حکومت کی جانب سے آئے روز اضافی بلوں اور ٹیکسوں میں اضافہ کرنے سے عوام قاتقہ کشی پر مجبور ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنماؤں حاجی نور گل خلجی، حافظ زین الدین خیر خواہ، مولانا سلیم اللہ علوزئی، عزیز اللہ کاکڑی، عبدالواسع سحر، محمد یار خان سلیمان خیل اور سردار زادہ مولانا عبدالستار موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ نواں کلی اور مضافات میں گیس پریشر کا مسئلہ کیا جائے، نواں کلی، سرہ غرگئی، کوتوال اور دیگر علاقوں میں دو ماہ سے گیس پریشر کم ہے یا لوڈشیڈنگ ہے جس سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے انہوں نے کہا کہ موسم سرما آتے تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی تحریک حکمرانوں کا دھڑن تختہ کر دے گی، مولانا عبدالغفور حیدری

حکومت پی ڈی ایم کی مقبولیت سے خوف زدہ ہے، اس بار اگر اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ ہوا تو نتائج حاصل کر کے ہی واپس ہوں گے

حکومت کو فٹ نائم دینے کے لیے پہلے مرحلے میں ملک کے بڑے شہروں میں عظیم الشان جلسے کئے جائیں گے، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

اوتھل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی تحریک حکمرانوں کا دھڑن تختہ کر دے گی۔ حکومت پی ڈی ایم کی مقبولیت سے خوف زدہ ہے۔ اس بار اگر اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ ہوا تو نتائج حاصل کر کے ہی واپس ہوں گے، حکومت کو فٹ نائم دینے کے لیے پہلے تفصیل نمبر 39 صفحہ 3 پر

لاہور: پانی بہاؤ کم ہونے کی وجہ سے دریائے راوی کا ایک بڑا حصہ خشک پڑا ہے

مکین گنبدِ خضراء کانفرنس کل 11 اکتوبر کو منعقد ہو رہی ہے

مفتی منیب الرحمان پروفیسر محمد عمر فیض قادری سمیت دیگر جید علمائے کرام شرکت کریں گے

خضدار (نامہ نگار) المرکز الاسلامی جامعہ سنان بن سلمہ خضدار کے زیر اہتمام عظیم الشان مکین گنبد خضراء کانفرنس و جلسہ دستار فضیلت کل انشاء اللہ 11 اکتوبر بروز اتوار کو منعقد ہو رہا ہے۔ جس کے لئے تیاریاں مکمل کی جا چکی ہیں، کانفرنس میں پیر غلام قادر جان نقشبندی، مفتی حبیب احمد نقشبندی، مولانا حق الٰہی، منظور احمد نقشبندی، پیر علی جان، مولانا محمد عارف نورانی، قاری عبدالقیوم محمود، محمد طارق جان نقشبندی، عقیل جان نقشبندی، مفتی عبدالحلیم، سمیت دیگر علمائے کرام شرکت کریں گے۔ المرکز الاسلامی تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

ملک اور مذہب دشمنوں کی نیندیں حرام کر دیں گے، مولانا جمال الدین حقانی

آل پارٹیز کا اتحاد قائد جمعیت کی قیادت میں پورے ملک میں تحریک چلائے گی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ نااہل حکمرانوں کی کمزور اور ناجائز پالیسیوں کے خلاف ہر میدان میں احتجاج ریکارڈ کرایا ہے کوئٹہ میں 5 2 اکتوبر اپوزیشن اتحاد ڈیموکریٹک موومنٹ کا جلسہ عام اہم سنگ میل ثابت ہوگا مولانا علی محمد مستر زئی نااہل مسلط شدہ سلیکٹڈ حکمران انتقامی سیاست کو فروغ دے رہا ہے۔ مولانا جمال الدین حقانی ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

سلیکٹڈ اور نااہل بلوچستان و وفاقی حکومت کی تعلیم دشمنی سمجھ سے بالاتر ہے، نعیم بلوچ

بلوچستان کے طلبا تعلیم کے حصول کے لیے پرامن احتجاج کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بی ایس او پجار کے مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نعیم بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجاب کی مختلف جامعات میں بلوچستان کوٹہ کی نشستوں و اسکالرشپ کی بحالی کے لئے پنجاب میں ایک ماہ دھرنے دینے کے باوجود بھی بلوچستان کوٹہ کی اسکالرشپ اور نشستوں کو بحال نہ کرنا وفاقی و بلوچستان حکومتی کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بلوچستان کے طلبا تعلیم کے حصول کے لیے پرامن احتجاج کر رہے ہیں۔ لیکن سلیکٹڈ حکمران خواب تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

نئے چیف آف چاقی کی دستار بندی کی تیاریاں زور و شور سے جاری

واہندین (این این آئی) نئے چیف آف چاقی کی دستار بندی کی تیاریاں زور و شور سے جاری۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ممتاز قبائلی شخصیت و سابق چیف آف چاقی سردار تاج محمد خان سنجرانی مرحوم کی وفات کے بعد ان کے فرزند میر محمد حاکم علی خان سنجرانی کو ان تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی پسماندگی محرومی کا ذمہ دار وفاق نہیں یہاں کے منتخب نمائندے ہیں، فہمیدہ جمالی

ملک بھر میں خواتین کیساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا جاتا ہے، پی ٹی آئی خواتین ونگ

مچھ (آن لائن) پی ٹی آئی خواتین ونگ کی صوبائی صدر و چیئرپرسن آف کامرس کی صدر فہمیدہ جمالی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچا کر معیشت مستحکم اور اداروں میں کرپشن بدعنوانی ختم کر کے ان کی جگہ شفافیت انصاف کو پروان چڑھایا ہے یہ مہنگائی منصوبے ہے ملک تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

صوبے میں لوڈشیڈنگ کے باعث زراعت تباہی کے دانے پر پہنچ چکی ہے، عبدالستار شاہ چشتی

منصوبے کی تحت زمینداروں کا استحصال کیا جا رہا ہے، جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی معاون کنوینر حاجی حیات اللہ کاکڑ مولوی رحمت اللہ خلجی حاجی محمد اسلم ترین حاجی محمد انور عبدالمنن زئی نے کہا کہ صوبے میں لوڈشیڈنگ کے باعث زراعت تباہی کے دانے پر پہنچ چکی ہے۔

تربت: سیکرٹری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ عبدالرؤف بلوچ اور دیگر عہدیدار مکران ڈویژن میں مختلف علاقوں کے مرکزیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوان بیلہ کے قریب لنگر وندی میں ڈوب کر جاں بحق

اوتھل (نامہ نگار) تبلیغی جماعت سے تعلق رکھنے والے اندرون سندھ اور کراچی کے نوجوان بیلہ کے قریب لنگر وندی میں ڈوب کر جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سے تبلیغی جماعت کی ایک ٹیم بیلہ کے مضافاتی علاقے میں آئی تھی۔ جس کے دو ممبران شہداد پور (سندھ) سے تعلق رکھنے والے وسیم ولد نثار احمد عمر 34 سال اور کراچی کے علاقے شاہ دبگ لیمن لیاری سے تعلق رکھنے والے نوجوان تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

بھارت دنیا کیلئے خطرہ اور دہشتگرد ملک بن چکا ہے، عالمی ادارے نوٹس لیں، سربراہ پاکستان سنی تحریک

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کیلئے خطرہ اور دہشتگرد ملک بن چکا ہے عالمی ادارے نوٹس لیں، بھارت کی جنونیت پسند پالیسی دنیا کیلئے خطرہ بن چکی ہیں، بھارت کا عالمی دہشتگرد تنظیم داعش سے گٹھ جوڑ اور کشمیر، پاکستان، افغانستان سمیت شام میں دہشتگردی اور مسلم نسل کشی کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے۔

بلوچستان کانسٹیبلری فورس کو ڈسٹرکٹ پولیس میں ضم کر کے ان کو اپنے ہوم ڈسٹرکٹ میں تعینات کیا جائے، عوامی حلقے

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان کانسٹیبلری فورس کو ڈسٹرکٹ پولیس میں ضم کر کے ان کو اپنے ہوم ڈسٹرکٹ میں تعینات کیا جائے۔ عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کے چار سو سے زائد پی ایچ ای اہلکار جو لسبیلہ سے دیگر علاقوں میں اپنے فرائض تفصیل نمبر 58 صفحہ 3 پر

میرے آفس کے دروازے ہر عام و خاص کے لئے کھولے ہیں، ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

صحافی اپنے فرائض نیک نیتی کے ساتھ سرانجام دیں اور اپنے قلم کو حق اور سچ کے لئے استعمال کریں، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے کہا ہے کہ صحافت ذمے دار پیشہ ہے صحافی معاشرے کے آنکھ اور کان ہوتے ہیں، میڈیا ملک کا چوتھا ستون ہے صحافی سچ کا ساتھ دیں اور اپنے قلم کے ذریعے علاقائی مسائل کو اجاگر کریں، میری ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ میڈیا کے ساتھ رابطہ میں رہوں تاکہ ہماری خامیاں بھی ظاہر ہو سکے، سبی کے صحافیوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے تفصیل نمبر 59 صفحہ 3 پر

نوشکی بارود کے ڈھیر پر ہے، کوئی بھی معمولی سی چنگاری نوشکی کو راکھ کا ڈھیر بنا سکتی ہے، مقبول بلوچ

قبائلی خونی رنجشوں میں کئی افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں کب تک ہم تماش بین بیٹھے رہینگے

نوشکی (آن لائن) نوشکی کے سماجی لیڈر اور سابق سنی نائب ناظم مقبول بلوچ نے کہا ہے کہ نوشکی بارود کے ڈھیر پر ہے، کوئی بھی معمولی سی چنگاری نوشکی کو راکھ کا ڈھیر بنا سکتی ہے، نوشکی کے امن و امان کو بحال کرنے اور قبائلی رنجشوں کے خاتمے کے لئے سیاسی و قبائلی اور عوامی نمائندوں کو آگے آنا ہوگا، قبائلی خونی رنجشوں میں کئی افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں کب تک ہم تماش بین بیٹھے رہینگے، الیکشن کے وقت تفصیل نمبر 65 صفحہ 3 پر

اپنے حقوق کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، مولانا محمد عمر عادل

بار بار کی ناانصافی سے نوجوانوں کی مایوسی میں مزید اضافہ ہوگا، جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ

اوتھل (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ کے نائب امیر مولانا محمد عمر عادل بیلہ پولیس بھرتی میں اقربا پروری اور سفارشی کلچر کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ انٹرویو کے تمام مراحل میں کامیاب نوجوانوں کے حق پر ڈاکہ ڈال کر سفارشی لوگوں کو سلیکٹ کرنا کہاں کا انصاف ہے اس ناانصافی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ لسبیلہ میں ہمیشہ میرٹ کو بری طرح پامال کیا جاتا رہا ہے۔

پولیس کا کردار عوام کو تحفظ اور جرائم کا خاتمہ ہے، سجاد حیدر ترین

شہر میں ٹریفک کے مسائل حل کرنے کے لیے مذید ون وے روڈ بنائے جا رہے ہیں

لورالائی (آن لائن) ایس ایس پی لورالائی سجاد حیدر ترین نے اپنے دفتر میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا پولیس کا کردار عوام کو تحفظ اور جرائم کا خاتمہ ہے اور پولیس عوام کے بغیر ادھوری ہے جرائم کے خاتمے کے لیے عوام کا تعاون پہلی شرط ہے عوام کو ٹریفک اور دیگر درپیش مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں ٹریفک کے مسائل حل کرنے کے لیے مذید ون وے روڈ بنائے جا رہے ہیں۔

حکومت زراعت کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے انقلابی اقدامات اٹھا رہی ہے، مسعود احمد بلوچ

گندم اور رائس کے بیج زمینداروں کو رعایتی نرخوں پر دیئے جائیں گے

پسنی (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ایکسٹینشن بلوچستان مسعود احمد بلوچ نے کہا کہ بلوچستان حکومت زراعت کے شعبے کو فروغ دینے کے لئے انقلابی اقدامات اٹھا رہی ہے صوبائی حکومت نے مختلف پروجیکٹ شروع کر دیئے ہیں فصلوں کی زیادہ سے زیادہ پیداوار کے لئے زمینداروں کو مفت بیج فراہم کئے گئے ہیں، گندم اور رائس کے بیج زمینداروں کو رعایتی نرخوں پر دیئے جائیں گے جس کے لئے زمینداروں کے رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

لورالائی میں گیس سلنڈر دھماکہ ایک مزدور زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں گیس سلنڈر دھماکہ ایک مزدور زخمی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کو لورالائی کے علاقے ڈی جی خان روڈ پر ایک مقامی ہوٹل میں گیس سلنڈر دھماکے کے باعث ایک مزدور زخمی ہو گیا پولیس نے زخمی تفصیل نمبر 44 صفحہ 3 پر

لیویز فورس نے بچے سے زیادتی اور قتل کے الزام میں 2 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے

قلعہ عبداللہ (آن لائن) قلعہ عبداللہ میں لیویز فورس نے بچے سے زیادتی اور قتل کے الزام میں 2 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ طارق جاوید مینگل نے بتایا کہ لیویز فورس نے کارروائی کے دوران دو مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے جن کے ڈی این اے کو لئے بھیجے جائینگے، دونوں ملزمان سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے لیویز فورس کی تحقیقاتی ٹیم تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

خضدار پاکستان تحریک انصاف ورکرز کی میراث ہے، شبیر شیخ

خضدار (نامہ نگار) خضدار پاکستان تحریک انصاف ورکرز کی میراث ہے۔ پاکستان تحریک انصاف ضلع خضدار کے جنرل سیکرٹری شبیر شیخ نے اپنے ایک اخباری میں کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ورکرز کی میراث ہے ورکرز کی قربانیاں اس پارٹی کیلئے بنیادی ستون ثابت ہوئے تفصیل نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ طارق جاوید مینگل کا خیر مقدم کرتے ہیں

چمن (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ طارق جاوید مینگل کا خیر مقدم کرتے ہیں چمن میں امن و امان کے صورتحال پر مثبت کارکردگی کی امید ظاہر کرتے ہیں، تفصیلات کے مطابق چمن کے عوامی حلقوں نے ایک اخباری بیان میں تفصیل نمبر 60 صفحہ 3 پر

محکمہ جنگلات کے فارسٹ گارڈ اختر محمد مینگل گزشتہ روز دوران ڈیوٹی انتقال کر گئے

سنجاوی (نامہ نگار) محکمہ جنگلات کے فارسٹ گارڈ اختر محمد مینگل گزشتہ روز دوران ڈیوٹی انتقال کر گئے وہ ولی محمد۔ ماسٹر نزر محمد۔ کے بھائی خلیل احمد۔ جلیل احمد۔ محمد اشرف۔ کے والد تھے جن کو آبائی قبرستان گرائی میں سپرد خاک کر دیا گیا فاتحہ خوانی گلی گرائی مینگل ہاؤس میں جاری ہے۔

پشاور، ضم شدہ اضلاع کی 17 فیصد لڑکیاں تعلیم کی سہولیات سے محروم

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضم اضلاع کی 17 فیصد لڑکیوں کو تعلیم کی سہولت میسر نہیں ہے۔ خیبر پختونخوا کے قبائلی اضلاع سے متعلق محکمہ بلدیات اور دیہی ایڈ کی تفصیل نمبر 35 صفحہ 3 پر

مجھے خوشی ہے پاکستان میں سیاحت بڑھ رہی ہے، برطانوی ہائی کمشنر ڈاکٹر کرسچن ٹرنر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر ڈاکٹر کرسچن ٹرنر نے پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے حوالے سے کہا ہے کہ مجھے خوشی ہے کہ پاکستان میں سیاحت بڑھ رہی ہے، پوری دنیا پاکستان کی خوبصورتی کی تعریف کر رہی ہے۔ پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر ڈاکٹر کرسچن ٹرنر کا شمالی علاقہ جات میں سیاحت کے فروغ سے متعلق ویڈیو پیغام میں کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ پاکستان میں سیاحت بڑھ رہی ہے، برطانیہ پاکستان میں سیاحت کو مزید فروغ دینا چاہتا ہے۔

تمام ادارے اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے کام کر رہے ہیں، منظور کاکڑ

پی ڈی ایم بلوچستان کی تعمیر و ترقی کو روکنے اور جمہوری عمل کو سبوتاژ کر کے اپنی کرپشن کو بچانے کیلئے ملک دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہے

کوئٹہ میں موجودہ حکومت 40 ارب سڑکوں، تعلیم، صحت، سپورٹس اور دیگر شعبوں پر خرچ کر رہی ہے، سینیٹر

کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی کو ڈی ایچ او ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی بریفنگ دے رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم بلوچستان کی تعمیر و ترقی کو روکنے اور جمہوری عمل کو سبوتاژ کر کے اپنی کرپشن کو بچانے کیلئے ملک دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہے بلوچستان کے عوام اگلے صوبے میں سیاسی سرگرمیوں کو مسترد کر دیں گے۔ کوئٹہ میں موجودہ حکومت 40 ارب سڑکوں، تعلیم، صحت، سپورٹس اور دیگر شعبوں پر خرچ کر رہی ہے کیونکہ پاکستان کا مستقبل سی پیک اور بلوچستان سے وابستہ ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر احمد، حافظ اسلم اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اور انہیں شامل جماعتوں کے رہنما اور سزا یافتہ مجرم نواز شریف لندن میں بیٹھ کر ملکی اداروں کے تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

نوجوانوں کو کتب بینی کی طرف راغب کرنے کے لیے پبلک لائبریری کا قیام خوش آئند اقدام ہے

مذہبی منافرت معاشرے سے عدم برداشت کا عنصر علم کے فروغ سے ہی ممکن ہے

نوجوان غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، عابد سلیم قریشی

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو کتب بینی کی طرف راغب کرنے کے لیے پبلک لائبریری کا قیام خوش آئند اقدام ہے نوجوان غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں مذہبی منافرت معاشرے سے عدم برداشت کا عنصر علم کے فروغ سے ہی ممکن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اللہ یار میں پبلک لائبریری کا افتتاح کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جعفر آباد رزاق خان کھچک ایس ایس پی جعفر آباد افتخار احمد تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

نئے چیف آف چاقی کی دستار بندی کی تیاریاں زور و شور سے جاری

چاقی (آن لائن) نئے چیف آف چاقی کی دستار بندی کی تیاریاں زور و شور سے جاری۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ممتاز قبائلی شخصیت و سابق چیف آف چاقی سردار تاج محمد خان سنجرانی مرحوم کی وفات کے بعد ان تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

استعفوں کے بعد حکومت خود ختم ہو جائیگی، سردار یعقوب خان ناصر

ہمیں جیلوں سے حکومت نہ ڈرائے ہماری تاریخ جلاوطنی قید و بند اور نظر بندی جیسے قربانیوں سے بھری پڑی ہے

پی ڈی ایم کے تحریک کے نتیجے میں قیادت جیلوں میں گئی تو ہم نے متادل قیادت کا انتخاب بھی کر لیا ہے، سینیٹر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹر کے سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا پی ڈی ایم کے تحریک کے نتیجے میں قیادت جیلوں میں گئی تو ہم نے متادل قیادت کا انتخاب بھی کر لیا ہے ہمیں جیلوں سے حکومت نہ ڈرائے ہماری تاریخ جلاوطنی قید و بند اور نظر بندی جیسے قربانیوں سے بھری پڑی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت ہمارے تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

ریڈیو پاکستان سریاب روڈ کوئٹہ پر 100 کلوواٹ ڈیجیٹل ٹرانسمٹر کی تنصیب کے موقع پر سینیٹر انجینئر محمد علی شہوانی بھی موجود ہیں

نئے ٹی بی ایس سسٹم نصب ہونے سے مستونگ سٹی و گردونواح میں گیس پریشر کی کمی کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے ختم ہوگا

صارفین کے مشکلات بھی ختم ہو گئے، زونل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی مستونگ حاجی نذیر احمد لانگو

مستونگ (این این آئی) مستونگ شہر و گردونواح میں گیس پریشر کے کمی کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر محکمہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے شہر کو گیس سپلائی کرنے کیلئے ایک اور نئے ٹی بی ایس سسٹم نصب کرنے کیلئے حکام نے جگہ کا معائنہ کیا اور جلد کام شروع کرنے فیصلہ۔ تفصیلات کے مطابق مستونگ شہر و گردونواح میں گیس پریشر کے کمی دوران عوامی مشکلات کا ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب احمد اچکزئی نے نوٹس لیتے ہوئے سوئی سدرن گیس کمپنی مستونگ کے حکام کو فوری گیس پریشر کے کمی کو ختم کرنے کی ہدایت کر دی۔ ڈپٹی کمشنر کے ہدایت پر زونل منیجر سوئی سدرن گیس تفصیل نمبر 56 صفحہ 3 پر

وفاقی اور صوبائی حکومت فوری طور پر لانگ مارچ کے شرکاء کے جائز مطالبات کو تسلیم کرے، لالا یوسف خلجی

وفاقی اور صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ نوجوانوں کے تمام مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرتے ہوئے ان پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جر